کفن دفن کی ابتدا، فضائل و آداب، شرعی مسائل اور دعوتِ اسلامی کے شعبہ "کفن دفن" کا تعارف، خدمات اور ان کے کام کے انداز پر مشتمل مفید تحریر

# کفن دفن

## کے فضائل و مسائل

(صفحات: 58)


کفن دفن کی ابتدا ........................ 01

قابلِ رشک تدفین ........................ 09

شعبہ کفن دفن کا نظام و تعارف ............ 16

کفن دفن ویب سائٹ کا تعارف .......... 45





پیشکش

المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

Islamic Research Center

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# کفن دفن کے فضائل و مسائل

## درود شریف کی فضیلت

پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا فرمانِ عالی شان ہے: ”صَلَاتُكُمْ عَلَيَّ مُحْرِزَةٌ لِدُعَائِكُمْ وَمَرْضَاةٌ لِرَبِّكُمْ وَزَكَاةٌ لِأَعْمَالِكُمْ یعنی تمہارا مجھ پر درود پاک پڑھنا تمہاری دعاؤں کی حفاظت کرتا، ربّ کو راضی کرتا اور تمہارے اعمال پاک کرتا ہے۔“[1]

تعریف میں جو کرتا ہوں خیر الانام کی | عزّت بلند ہوتی ہے میرے کلام کی
میری لحد میں لائیں گے تشریف مصطفیٰ | عادت بنا رہا ہوں درود وسلام کی

صلّوا علی الحبیب! صلّی اللّٰہُ علٰی محمد

## کفن دفن کی ابتدا

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہُ عنہ فرماتے ہیں: جب حضرت آدم علیہ السّلام کی وفات کا وقت قریب آیا، تو انہوں نے اپنے بیٹوں سے فرمایا: اے میرے بیٹو! میرا جنّت کے پھل کھانے کو جی چاہتا ہے۔ بیٹے جنتی پھل تلاش کرنے نکل گئے۔ اُنہیں سامنے سے فرشتے آتے ہوئے ملے، جن کے پاس حضرت آدم علیہ السّلام کا کفن اور خوشبو تھی، اُس کے علاوہ اُن کے پاس تیشہ (Pick)، بیلچہ (Shovel) اور ٹوکریاں (Baskets) بھی تھیں۔ کہنے لگے:

اے اولادِ آدم! تم کیا چاہتے ہو اور کہاں جارہے ہو؟ بیٹوں نے جواب دیا: ہمارے والدِ محترم بیمار ہیں اور اُنہیں جنتی پھل کھانے کی خواہش ہے۔ فرشتوں نے کہا: واپس لوٹ

(1)...مسند الفردوس، 2/391، حدیث: 3739، دار الکتب العلمیہ، بیروت


www.dawateislami.net

صالحین کے قُرب میں دفن ہونا سعادت ہے۔(فتاوی رضویہ)

جاؤ! آپ کے والِد کی عمر پوری ہو چکی ہے۔ چنانچہ جب فرشتے حضرت آدم علیہ السّلام کے پاس اُن کی روح نکالنے کے لئے حاضر ہوئے تو حضرت حوا رضی اللہُ عنہا نے اُنہیں دیکھ کر پہچان لیا اور حضرت آدم علیہ السّلام سے لپٹ گئیں۔ آپ علیہ السّلام نے فرمایا: مجھ سے الگ ہو جاؤ، پہلے بھی مجھے آزمائش کا سامنا ہوا، لہٰذا اب میرے اور فرشتوں کے درمیان راستہ خالی کر دو۔ چنانچہ جب آپ رضی اللہُ عنہا پیچھے ہٹ گئیں تو فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السّلام کی روح نکال لی، پھر اُنہیں غسل دیا، کفن پہنایا، خوشبو لگائی، قبر کھودی اور لحد تیار کی، پھر نمازِ جنازہ ادا کرنے کے بعد قبر میں داخِل ہوئے اور آپ علیہ السّلام کو قبر میں اتار دیا پھر کچی اینٹیں لگا کر قبر سے باہر نکل آئے اور اوپر سے مٹی ڈال دی۔ پھر فرشتوں نے فرمایا: اے اولادِ آدم! تمہارے لئے (کفن دفن کا) یہی طریقہ ہے۔[1]

پیارے اسلامی بھائیو! اِس حکایت سے پتا چلا کہ دینِ اسلام میں رائج عظمت و احترام والا کفن دفن کا طریقہ اللہ پاک نے اپنے پیارے نبی حضرت آدم علیہ السّلام کے وصالِ ظاہری کے موقع پر اپنے فرشتوں کے ذریعے تعلیم فرمایا ہے۔ آپ علیہ السّلام سے پہلے اللہ پاک نے کسی کو یہ شرف عطا نہ فرمایا کہ فرشتوں کے ذریعے اُس کی تدفین کی گئی ہو۔ مگر اللہ پاک کی رحمت پر قربان کہ اُس نے آپ علیہ السّلام سے پہلے وفات پا جانے والے انسان کی میّت کے ساتھ بھی عزّت و شرف والا معاملہ فرمایا۔ چنانچہ؛

## پہلی انسانی میّت اور اللہ پاک کا فضل

تاریخ کے عُلمائے کرام کا بیان ہے کہ حضرت حوا رضی اللہُ عنہا کے ہر حمل میں ایک لڑکا

(1)...مسند امام احمد، مسند الانصار، 8/480، حدیث:21841، دار الکتب العلمیہ، بیروت



www.dawateislami.net

اور ایک لڑکی پیدا ہوتے تھے اور ایک حمل کے لڑکے کا دوسرے حمل کی لڑکی کے ساتھ نکاح کیا جاتا تھا، اسی دستور کے مُطابِق حضرت آدم علیہ السّلام نے "قابیل" کا نکاح "لیوذا" سے جو "ہابیل" کے ساتھ پیدا ہوئی تھی اور "ہابیل" کا "اقلیما" سے جو قابیل کے ساتھ پیدا ہوئی تھی کرنا چاہا۔ قابیل اس پر راضی نہ ہوا اور چونکہ اقلیما زیادہ خوبصورت تھی، اِس لئے اس کا طلب گار ہوا۔ قابیل کہنے لگا: "یہ تو آپ علیہ السّلام کی رائے ہے، اللہ پاک نے یہ حکم نہیں دیا۔" آپ علیہ السّلام نے فرمایا: "اگر تم یہ سمجھتے ہو تو تم دونوں قربانیاں لاؤ، جس کی قربانی قبول ہو جائے وہی "اقلیما" کا حق دار ہے۔" اُس زمانہ میں جو قربانی مقبول ہوتی تھی آسمان سے ایک آگ اتر کر اس کو کھا لیا کرتی تھی۔ قابیل نے گندم کا ایک ڈھیر اور ہابیل نے ایک بکری قربانی کے لیے پیش کی۔ آسمانی آگ نے ہابیل کی قربانی کو لے لیا اور قابیل کی گندم کو چھوڑ دیا۔ اس پر قابیل کے دل میں بہت بُغض و حسد پیدا ہوا اور حسد کی آگ میں اپنے بھائی ہابیل کو قتل کر دیا۔ چنانچہ قرآنِ کریم میں ہے:

فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِیْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝۳۰ (پ6، المائدۃ:30)

ترجمۂ کنزالعرفان: تو اس کے نفس نے اسے اپنے بھائی کے قتل پر راضی کر لیا تو اس نے اسے قتل کر دیا پھر وہ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گیا۔

یوں زمین پر پہلی انسانی موت واقع ہوئی، چونکہ اس سے پہلے تک کوئی انسان مرا ہی نہ تھا تو قابیل پریشان ہوا کہ اب اِس مَیِّت کا کیا کرے؟ ایک مدت تک لاش کو کندھوں پر لادے پھرتا رہا یہاں تک کہ چرند پرند اس کے پیچھے پھرنے لگے کہ یہ لاش کو رکھے تو ہم کھا جائیں۔

فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا یَّبْحَثُ فِی الْاَرْضِ لِیُرِیَهٗ

ترجمۂ کنزالعرفان: پھر اللہ نے ایک کوّا بھیجا جو



www.dawateislami.net

كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰۤى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ (پ6، المائدۃ:31)

زمین کرید رہا تھا کہ وہ اُسے دکھادے کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کیسے چھپائے۔(کوّے کا واقعہ دیکھ کر قاتل نے) کہا: ہائے افسوس، میں اس کوّے جیسا بھی نہ ہو سکا کہ اپنے بھائی کی لاش چھپالیتا۔

اس آیت کی تفسیر میں ہے: تب اللہ پاک نے ایک کوّا بھیجا جو دوسرے مرے ہوئے کوّے کو اٹھائے ہوئے تھا، اُس نے اپنی چونچ اور پنجوں سے زمین کُھرچ کر گڑھا کھودا، اُس میں مرے ہوئے کوّے کو ڈال کر مٹی سے دبا دیا۔ یہ دیکھ کر قابیل کو معلوم ہوا کہ لاش کو زمین میں چھپا دینا چاہئے، چنانچہ اس نے زمین کھود کر لاش کو زمین میں چھپا دیا۔ [1]

پیارے اسلامی بھائیو! اس حکایت سے معلوم ہوا کہ اللہ پاک نے مردہ مسلمان کی بھی تکریم (یعنی عزت اَفزائی) فرمائی کہ جب چرند پرند لاش کے پیچھے ہوئے تو اُس انسانی لاش کو اُن کی خوراک بننے اور بے حُرمتی سے بچانے کے لئے اللہ پاک نے قابیل کو ایک پرندے کے ذریعے اُسے چھپانے کا طریقہ سکھا دیا اور جب حضرت آدم علیہ السّلام کے کفن دفن کا وقت آیا تب اللہ پاک نے اپنے فرشتوں کے ذریعے ہمیشہ کے لئے ایک طریقہ تعلیم فرما دیا جو قیامت تک کے لئے رائج ہوا اور اللہ پاک کے پسندیدہ دین، دینِ اسلام کا ایسا شرعی قانون بنا دیا گیا جو نظامِ کائنات کی خوبصورتی کا راز بھی ہے کہ اگر یہ کفن دفن کا نظام نہ ہوتا تو ہر طرف بکھری پڑی مردہ لاشوں کی وجہ سے تعفّن، بدبو اور خوف پھیلا ہوتا۔

یاد رکھئے! اسلام میں کفن دفن کو مسلمان کا ضروری حق ٹھہرایا گیا۔ چنانچہ؛

(1)... تفسیر روح البیان، پ6، المائدۃ: تحت الآیۃ:31، 2/387 ملتقطاً، دار الکتب العلمیہ، بیروت



www.dawateislami.net

## مسلمان کے دوسرے مسلمان پر حقوق

پیارے آقا، مدینے والے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں: (1) جب وہ بیمار ہو تو عیادت کرے۔ (2) جب وہ فوت ہو جائے تو اُس کے جنازے میں حاضر ہو۔ (3) جب وہ دعوت دے تو قبول کرے۔ (4) جب اس سے ملے تو سلام کرے۔ (5) جب وہ چھینکے تو جواب دے اور (6) اس کے سامنے اور پیچھے اس کی بھلائی چاہے۔[1]

واضح رہے کہ اس حدیثِ مبارکہ میں ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حقوق کو بیان فرمایا گیا ہے لیکن صرف یہ چھ ہی حقوق نہیں بلکہ ان کے علاوہ بھی بہت ہیں۔ چنانچہ شیخ عبد الحق مُحدِّثِ دہلوی رحمۃُ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "مسلمانوں کے ایک دوسرے پر بہت سے حقوق ہیں، صرف اِن چھ میں اِنحصار نہیں (یعنی صرف چھ تک محدود نہیں)۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے مختلف مواقع پر موقع کی مناسبت سے مختلف حقوق کو بیان فرمایا یا پھر حقوقُ المسلمین بتدریج (آہستہ آہستہ) نازِل ہوئے، جو حق جب نازِل ہوا، آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اُسی وقت اُس کو بیان فرمادیا۔"[2]

## پانچ خوش قسمت ہستیاں

ہمارے آقا، دوعالَم کے داتا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے یہ حقوق بیان بھی فرمائے اور خود تعلیمِ اُمّت کے لئے عملی طور پر (Precticaly) کر کے بھی دکھائے جیسا کہ بیان کردہ

(1)...نسائی، کتاب الجنائز، باب النہی عن سب الاموات، ص328، حدیث:1935، دار الکتب العلمیہ، بیروت

(2)...اشعۃ اللمعات، کتاب الجنائز، باب عیادۃ المریض وثواب المرض، 1/ 630، ملتان

حقوق میں ایک حق یہ ذکر ہوا کہ جب کوئی مسلمان فوت ہو تو اس کے جنازہ میں شرکت کی جائے۔ مُعَلِّمِ کائنات، شاہِ موجودات صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے کئی صحابۂ کرام کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور ان کی تدفین میں شرکت فرمائی۔ کچھ غلاموں کو تو یہ خصوصی اعزاز عطا فرمایا کہ اُنہیں اپنے رحمت بھرے ہاتھوں سے قبر میں اُتارا۔ یہ خصوصی اعزاز پانے والے دو مرد اور تین عورتیں ہیں: (1) مسلمانوں کی پیاری امی جان حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہُ عنہا (2) حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہُ عنہا کے ایک صاحب زادے (بیٹے) (3) حضرت بی بی عائشہ رضی اللہُ عنہا کی والدہ حضرت اُمِّ رومان رضی اللہُ عنہا (4) حضرت علی رضی اللہُ عنہ کی والِدہ حضرت فاطمہ بنتِ اسد رضی اللہُ عنہا (5) حضرت عبدُ اللہ رضی اللہُ عنہ جن کا لقب ذوالبِجَادَین یعنی دو چادروں والا ہے۔[1]

## غزوۂ تبوک کے اکلوتے شہید

حضرت ذُوالبِجَادَیْن رضی اللہُ عنہ کون تھے، کب اسلام لائے، یہ لقب کیوں ملا، شہادت کس طرح ہوئی نیز ان کی تدفین کا منظر کیسا رُوح پَرْوَر تھا؟ آیئے ملاحظہ کیجئے۔

آپ رضی اللہُ عنہ کا تعلق مدینۂ منوّرہ کے اطراف میں آباد قبیلہ مُزَیْنَہ سے ہے، آپ چھوٹے ہی تھے کہ والِد کا انتقال ہو گیا، والِد نے وراثت میں کوئی مال نہیں چھوڑا، چچا مال دار تھا لہٰذا اُس نے آپ کی کفالت اور پرورش کی یہاں تک کہ آپ بھی مالدار ہو گئے۔ نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ہجرت کر کے مدینہ پاک تشریف لائے تو آپ کا دل دینِ اسلام کی طرف مائل ہونے (کھنچنے) لگا لیکن چچا کی وجہ سے قبولِ اسلام کی طاقت نہ تھی یہاں تک کہ کئی سال

(1)...مدارج النبوت، قسم سوم، باب چہارم، 2/150، نوریہ رضویہ پبلشنگ کمپنی، لاہور



www.dawateislami.net

گزر گئے، نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم 8 ہجری میں فتحِ مکّہ کے بعد مدینے واپس ہوئے تو آپ نے چچا سے کہا: میں نے تمہارے اسلام لانے کا انتِظار کیا لیکن میرا خیال ہے کہ تم مُحَمّدِ عربی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضری نہیں دو گے، مجھے اسلام لانے کی اجازت دے دو۔ چچا نے دھمکی دیتے ہوئے کہا: اگر تم نے اسلام قبول کیا تو میں تم سے اپنی دی ہوئی ہر چیز چھین لوں گا یہاں تک کہ کپڑے بھی چھین لوں گا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہارے جھوٹے معبودوں کی عبادت چھوڑ کر اسلام قبول کرنا چاہتا ہوں چاہے میرا سب کچھ لے لو۔ چچا نے آپ سے کپڑوں سمیت سب کچھ چھین لیا۔ آپ کی والدہ نے اپنی چادر کے دو حصّے کرکے آپ کو دیئے، آپ نے ایک کی چادر اور دوسرے حصے کا تہبند بنا لیا اور اسی لباس میں مدینہ شریف روانہ ہوگئے۔ آپ سَحَر کے وقت مدینہ پہنچے اور مسجدِ نبوی شریف میں بیٹھ کر اپنے اُس آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا انتظار کرنے لگے جن کی خاطِر سب کچھ چھوڑ کر گھر سے نکل پڑے تھے، جب نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نماز کے لئے تشریف لائے اور نظرِ مبارک آپ پر پڑی تو فرمایا: تم کون ہو؟ عرض کی: میرا نام عَبْدُ العُزّیٰ ہے، میں فقیر اور مسافِر ہوں، آپ کی محبت میں گرفتار ہوں، آپ کی صحبت میں رہنا چاہتا ہوں، ارشاد فرمایا: تمہارا نام عبدُ اللہ اور تمہارا لقب ذُوالبِجَادَیْن ہے، ہمارے گھر کے قریب ہمارے پاس رہا کرو۔

لیا نہ ہو جس نے اُن کا صدقہ، ملا نہ ہو جس کو اُن کا باڑا | نہ کوئی ایسا بَشَر ہے باقی نہ کوئی ایسا مَلَک رہا ہے[1]

مختصر وضاحت: اس دنیا میں کوئی ایسا شخص نہیں، جس نے نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی برکتوں اور عنایتوں سے کچھ نہ کچھ حاصِل نہ کیا ہو، بلکہ اُن کے فیض و کرم سے اس دنیا میں کوئی محروم نہیں۔ تمام انسان چاہے وہ

(1)...ذوقِ نعت، ص229، مکتبۃ المدینہ، کراچی

کوئی بادشاہ ہو یا عام انسان، ہر ایک اُن کی رحمت اور برکت کے فیضان سے مالا مال ہے۔

اس کے بعد آپ رضی اللہُ عنہ اصحابِ صُفّہ کے ساتھ رہتے، نمازِ فجر کے بعد جب سورج طُلوع ہو جاتا تو آپ رضی اللہُ عنہ نَوَافِل پڑھتے اور قرآنِ کریم کی تلاوت کرتے پھر نبیِّ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوتے اور سلام عرض کرتے، پھر اپنی رہائش کی طرف چلے جاتے۔ آپ رضی اللہُ عنہ نے صُحبتِ رسول کو اپنے اوپر لازم کر لیا تھا۔

سِن 9 ہجری ماہِ رجب میں حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم جنگِ تبوک کے لئے روانہ ہوئے تو آپ بھی مُجاہدین میں شامِل ہو کر چل پڑے اور درخواست کی: یارسولَ اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم! دعا فرمایئے کہ مجھے شہادت نصیب ہو۔ رحمتِ عالَم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے آپ سے بَبُول کے درخت کی چھال منگوائی، آپ چھال لائے تو آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اُسے آپ کے بازو پر باندھ دیا اور دعا کی: اے اللہ! میں نے اِس کے خون کو کفار پر حرام کر دیا۔ عرض کی: میں نے اس کی خواہش نہیں کی۔ ارشاد فرمایا: جب تم جنگ کے لئے نکلو، اگر بخار میں فوت ہوگے جب بھی تم شہید ہوگے۔ اگر تمہارا جانور (تمہیں گِرا کر) تمہاری گردن توڑ دے تو بھی تم شہید ہوگے کوئی حرج نہیں کہ شہادت کس طرح ملے۔ خدائے پاک کا کرنا ایسا ہوا کہ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے مقامِ تبوک پہنچ کر تقریباً 20 راتیں دشمن کا انتظار کیا وہیں حضرت ذُوالبِجَادَین کو بخار ہوا اور اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

کرم والوں نے در کھولا تو رحمت نے سماں باندھا | کمر باندھی تو قسمت کھول دی فضلِ شہادت کی [1]

## قابلِ رشک تدفین

حضرت ذُوالبِجَادَین رضی اللہُ عنہ کے کفن دفن کا منظر بڑا قابلِ رشک ہے، حضرت بِلال

(1)...ذوقِ نعت، ص260

بن حارث مُزَنی رضی اللہُ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ رات کا وقت تھا، میں نے دیکھا کہ مؤذّنِ رسول حضرت بلال رضی اللہُ عنہ ہاتھ میں چراغ لئے کھڑے ہیں اور نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم خود اُن کی قبر میں تشریف فرما ہیں، حضرت ابو بکر صدیق و حضرت عمر فاروق رضی اللہُ عنہما اُن کو قبر میں اُتار رہے ہیں، حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ارشاد فرما رہے ہیں: اپنے بھائی کو عزّت کے ساتھ لاؤ، اِس کے بعد نبیِّ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے خود ہی قبر کو کچی اینٹوں سے بند فرمایا۔ پھر یہ دعا مانگی: الٰہی! یہ میری خدمت میں دن رات رہا ہے، میں اِس سے راضی ہوں تُو بھی راضی ہو جا۔

مجھے نزع چین بخشے مجھے موت زندگی دے | وہ اگر مرے سرہانے دمِ اِحتضار آئے [1]

مختصر وضاحت: اگر نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلِہٖ وسلم موت کی سختیوں کے وقت میرے سرہانے تشریف فرما ہو کر مجھے اپنا جلوہ دکھا دیں دے تو یہ موت کی سختیاں میرے لئے باعثِ سکون اور یہ موت میرے لئے حقیقی زندگی ہو جائے۔

یہ اعزاز و اِکرام اور محبّت و شفقت والا رُوح پَروَر منظر دیکھ کر حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہُ عنہ نے اپنے جذبات کا اظہار یوں فرمایا: اللہ کی قسم! میری یہ خواہش ہے کہ میں اِس قبر میں ہوتا۔[2] اسی طرح حضرت عبدُ اللہ بن مسعود رضی اللہُ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میری یہ آرزو تھی کہ اِن کی جگہ پر میں ہوتا۔[3]

اللہ اللہ! حضرت ذُوالبِجَادَین کی قسمت پر قربان! کیسا روح پرور منظر ہو گا؟ صدیقِ

(1)...ذوقِ نعت، ص242

(2)... معجم اوسط، 6/371، حدیث:9111، دار الفکر، عمان

(3)... کتاب المغازی للواقدی، باب غزوۃ تبوک، 2/396، دار الکتب العلمیہ، بیروت



www.dawateislami.net

اکبر رضی اللہُ عنہ بھی جس کی خواہش کر رہے ہیں، سبحان اللہ! اے عاشقانِ رسول! اس حکایت سے جہاں حضرت ذُوالبِجَادَیْن رضی اللہُ عنہ کی خوش قسمتی کا پتا چلتا ہے وہیں یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ سرورِ عالَم، رحمتِ دو عالَم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے مسلمانوں کے جو حقوق بیان فرمائے، خود بھی اُن حقوق کی ادائیگی کا خاص اہتمام فرماتے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## کفن دفن اور ہماری حالت زار

پیارے اسلامی بھائیو! یاد رہے! کفن دفن مسلمان کا حق بھی ہے اور تقریباً ہر ایک کا اِس سے واسطہ پڑتا ہی رہتا ہے کیونکہ غسلِ میّت، کفن دینا، نمازِ جنازہ اور دفن کرنا فرضِ کفایہ[1] ہے۔[2] مگر افسوس کہ دین سے دُوری کے سبب ہماری اکثریت غسل وکفن سے مُتعلِّق اہم مسائل جانتی ہی نہیں، یا پھر میّت سے خوف یا ناپسند کرتے ہوئے میّت کے قریب جانا بھی پسند نہیں کرتی۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ حضرات جنہیں شرعی مسائل اور سنّت طریقے سے آگاہی نہیں ہوتی وہ آتے ہیں اور بڑی بے دردی سے خلافِ سنّت میّت کو اَذِیّت دیتے ہوئے غسل دے کر چلتے بنتے ہیں۔ حالانکہ جن کاموں سے زندہ کو تکلیف ہوتی ہے، اُن سے مُردے کو بھی تکلیف ہوتی ہے۔ شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ اپنے رسالے "مُردے کی بے بسی" میں "شرحُ الصُّدور" کے حوالے سے نقل فرماتے ہیں حضرت سُفیان ثَوری رحمۃُ اللہِ علیہ سے

(1)... شریعت کا وہ حکم کہ سب چھوڑ دیں تو سب گنہگار، اور بعض بقدرِ کفایت ادا کریں تو سب سے اتر جائے۔ (فتاویٰ رضویہ، 10/450، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

(2)... فتاویٰ ہندیہ، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، 1/173، 176، 178، 182، دار الکتب العلمیہ، بیروت



www.dawateislami.net

فوت شدہ کے لیے دُعائے مغفرت کی جائے۔(ملفوظاتِ امیرِ اہلسنت)

روایت ہے کہ ”مرنے والا ہر چیز کو جانتا ہے یہاں تک کہ غَسّال (میّت کو غسل دینے والے) سے کہتا ہے کہ تجھے خُدا کی قسم ہے! تو غسل میں میرے ساتھ نرمی کر۔“[1]

## افسوس ناک واقعہ!

حیدرآباد(سندھ، پاکستان) کے ایک اسلامی بھائی کے بیان کا خُلاصہ ہے کہ 2001ء میں ہمارے یہاں ایک بہت بڑے سیٹھ کا انتِقال ہو گیا۔ لوگ اُس کے عالیشان بنگلے میں جمع تھے کہ مرحوم کا 19 سالہ بیٹا جو کہ ایک ماڈَرن اسکول میں پڑھتا تھا، کہیں جانے کے لئے ایک دم جلدی میں اُٹھا، کسی نے جلدی کا سبب دریافت کیا تو کہنے لگا: ”میرے والِد صاحِب مجھ سے بہت محبت کرتے تھے، میں نے سوچا کہ آخِری وَقت اپنے ہاتھوں سے اِن کی کچھ خدمت کرلوں، چُنانچِہ اُن کی میّت کو جلانے کے لئے میں خود لکڑیاں لے کر آؤں گا۔“ یہ سُن کر لوگوں کی حَیرت کی انتِہا نہ رہی کہ اس کا باپ تو مسلمان تھا، پھر اِس کو جلانے کے لئے لکڑیاں کیوں لینے جارہا ہے! غور کیا تو اندازہ ہوا کہ اِس نادان نے غیرمسلموں کی فِلموں میں لاشیں جلانے کے مناظِر دیکھ لئے ہوں گے اور اِس کے ذِہن میں یہ بات بیٹھ گئی ہوگی کہ جو بھی مرجائے، اُس کو جلانا ہوتا ہے۔ اِس فلمیں دیکھنے کے شوقین کو یہ پتا ہی نہ ہوگا کہ مسلمانوں کو جَلایا نہیں دَفنایا جاتا ہے۔ بَہَرحال اس کے مرحوم والِد کی تدفین کردی گئی۔ جب فلموں کے اِس خوفناک منفی اثر (Negative Impact) کا لوگوں کو معلوم ہوا تو اُنہیں بڑی عبرت ہوئی، کئی نوجوانوں نے جوش میں آکر ”کیبل“ کاٹ ڈالے۔ مگر رفتہ رفتہ نفس و شیطان غالِب آئے اور پھر سے کیبل جوڑ لئے گئے۔[2]

(1)...شرح الصدور، باب معرفۃ المیت من یغسلہ۔۔۔ الخ، ص73، دار الکتاب العربی
(2)...نیکی کی دعوت، ص582، مکتبۃ المدینہ، کراچی



www.dawateislami.net

## کفن دفن کی اہمیّت

پیارے اسلامی بھائیو! اِس انوکھے واقِعے میں عبرت ہی عبرت ہے کون سا گھر ایسا ہے کہ جہاں کبھی کوئی فوت نہ ہوا ہو؟ کون سی گلی ایسی ہے کہ جہاں سے کبھی جنازہ نہ اٹھا ہو؟ کون سا شہر ایسا ہے کہ جہاں کفن نہ ملتا ہو؟ جبکہ دینی معلومات کی حالت یہ ہے کہ سات سمندر پار کی خبریں رکھنے والے لوگ میّت کے غسل، کفن، دفن وغیرہ کے احکام سے لاعلم ہوتے ہیں۔ آج کسی کا پیارا دنیا سے رخصت ہوا تو کل ہمارا عزیز سفرِ آخرت پر روانہ ہو سکتا ہے لٰہذا ہمیں چاہئے کہ اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ مِیّت کے غسل، کفن اور دفن وغیرہ کے احکام جلد سے جلد سیکھ کر دوسروں کو بھی سکھائیں۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ کل آپ کے مُردہ جسم کو اُجرت پر غسل دینے والے لاعلم شخص کے ہاتھوں تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے، آپ تختۂ میّت پر لیٹے ہوئے نرمی چاہتے ہوں تو جلدی کیجئے، خود اور اپنی اولاد کو دین کا علم سکھایئے، غسل، کفن و دفن کے مسائل سکھایئے کہ جب بیٹا اپنے باپ کو غسل دے رہا ہو گا تو یقیناً اس کے ہاتھوں کی نرمی تختۂ غسل پر لیٹے باپ کو سکون دے گی۔

غسل دینے کے لئے غسّال بھی اب آ چکا | غسلِ میّت ہو رہا ہے اور کفن تیار ہے [1]

صلّوا علی الحبیب! صلّی اللّٰہُ علٰی محمد

## شعبہ کفن دفن اور دعوتِ اسلامی

عاشقانِ رسول کی دینی تنظیم دعوتِ اسلامی 77 سے زائد شعبہ جات کے ذریعے نیکی کی

(1)...وسائلِ بخشش، ص479، مکتبۃ المدینہ، کراچی



www.dawateislami.net

دعوت اور سنّتوں کو پھیلانے میں مصروف ہے۔ اِنہی میں ایک "شعبہ کفن دفن" بھی ہے، جو سنّت و شریعت کے مُطابِق عاشقانِ رسول کے غسلِ میّت، کفن دفن کا اہتمام کرنے اور لواحقین کی ہمدردی کرکے ثواب کمانے میں کوشاں ہے اور ساتھ ہی ساتھ عاشقانِ رسول (اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں) کو کفن دفن کا طریقہ سکھانے میں مصروفِ عمل ہے۔ اس سلسلہ میں کفن دفن میں حِصّہ لینے کی ترغیب اور غسلِ میّت، کفن دفن کا طریقہ سکھانے کے لئے شعبہ کفن دفن کی طرف سے ملک وبیرونِ ملک میں ویڈیو اجتماعات کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے، جس میں عاشقانِ رسول کو رُوح نکلتے وقت سے لے کر دفن کرنے تک کے پیش آنے والے مسائل کے بارے میں معلومات دی جاتی ہیں، غسلِ میّت و کفن کورسز منعقد کیے جاتے ہیں اور عملی طور پر غسلِ میّت، کفن کاٹنے اور پہنانے کا طریقہ سکھایا جاتا ہے، اس کے علاوہ کفن دفن رہائشی کورس اور آن لائن کفن دفن شارٹ کورس کا بھی سلسلہ ہے۔ (الحمدللہ! اسلامی بہنوں میں بھی شعبہ کفن دفن قائم ہے اور اسلامی بہنوں کو غسلِ میّت و کفن کورس میں غسلِ میّت، کفن دفن اور غم گساری کا طریقہ سیکھنے سکھانے کا سلسلہ جاری ہے، جس میں اسلامی بہنوں کو اسلامی بہنیں ہی سکھاتی ہیں)، اسی طرح کَتْبَہ فروش، (قبر کی تختیاں بیچنے والے) کفن فروش، (کفن بیچنے والے) پھول مارکیٹ اور گورکَنوں کے درمیان بھی تربیتی حلقے لگائے جاتے ہیں اور اُنہیں بھی اُن کے معاملات سنّت وشریعت کے مُطابِق سرانجام دینے کا ذہن دیا جاتا ہے۔ مزید آسانی کے لیے ایک موبائل ایپ بھی بنائی گئی ہے جس کا نام "Muslim's Funeral App" ہے جس میں اینیمیٹڈ ویڈیوز (Animated videos) کے ذریعے مختلف عنوانات کے تحت مرحلہ وار کفن دفن کا طریقہ دکھایا گیا ہے۔ مزید معلومات اور رابطے کیلئے اس شعبے کی ویب سائٹ

tajheezotakfeen.dawateislami.net کو وزٹ کیا جا سکتا ہے۔

الحمدلِلّٰہ! شعبہ کفن دفن کے تحت تیجے، ساتویں، چالیسویں اور برسی کے موقعوں پر ایصالِ ثواب اجتماعات کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔ ان تمام کاموں کو اچھے طریقے سے کرنے کے لئے دعوتِ اسلامی کی تنظیمی تقسیم کے تحت مختلف سطح (شوریٰ، ملکی، صوبائی، ڈویژن، ڈسٹرکٹ، ٹاؤن / تحصیل، سب تحصیل اور یو-سی (یونین کونسل) سطح) پر ذِمّہ داران کا تقرر کیا گیا ہے (تادمِ تحریر پاکستان میں ان ذمہ داران اسلامی بھائیوں کی تعداد 6336 جبکہ اوورسیز میں 19 ہے، اسی طرح پاکستان میں 5137 جبکہ اوورسیز میں 45 اسلامی بہنیں اس خدمتِ دین پر مامور ہیں)، جو باہمی مشاورت سے ان کاموں کو بہتر انداز میں کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اللہ پاک دعوتِ اسلامی کے شعبہ کفن دفن اور دیگر تمام شعبہ جات کو خوب ترقیاں عطا فرمائے۔

## امیرِ اہلِ سنّت اور کفن دفن

شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطار قادری دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ کا سالہاسال سے یہ معمول رہا ہے کہ آپ عاشقانِ رسول کے کفن دفن میں شوق و رغبت کے ساتھ حصّہ لیتے اور غسلِ میّت سے لے کر تدفین، فاتحہ خوانی اور دعا وغیرہ تمام معاملات میں اپنے مخصوص دل نواز انداز میں پیش پیش رہتے، میّت کے اہل خانہ سے تعزیت و غم خواری فرماتے، اِن کو صبر و ہمت کی تلقین کرتے، اُنہیں اپنے عزیز کے ایصالِ ثواب کے لیے نیکیوں کی ترغیب دلاتے۔ غم کی اِن گھڑیوں میں آپ کی شرکت اور متاثر کرنے والے انداز میں انفرادی کوشش کی برکت سے نہ جانے کتنے ہی اسلامی بھائیوں کی

زندگیوں میں مدنی انقلاب برپا ہو گیا، توبہ کی توفیق نصیب ہوئی اور وہ دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ ہو کر سُنّتوں کی خدمت اور نیکی کی دعوت کی دھومیں مچانے لگے۔ آپ یہ چاہتے ہیں کہ سب دعوتِ اسلامی والے اور دعوتِ اسلامی والیاں حسبِ موقع کفن دفن میں حصّہ لیں، غم خواری کریں اور مدنی مقصد ”مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے“ کے تحت خوب اِنفرادی کوشش کر کے نئے نئے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو دینی ماحول سے وابستہ کریں۔ آپ دامت برکاتہم العالیہ نے کئی مواقع پر کفن دفن کی اہمیّت بیان کی اور اِس میں حِصّہ لینے کی ترغیب دِلائی ہے، چنانچہ ایک دفعہ مدنی مذاکرے میں ارشاد فرمایا:

بھلے آپ جانتے نہ ہوں، تب بھی شرکت کریں، جب مسجد میں اعلان ہو تو رک جائیں، جنازہ کی نماز پڑھیں پھر ڈُھونڈیں کہ اِس کا عزیز کون ہے، اُن سے تعزیت کریں۔

یہ بھی ارشاد فرمایا: ”اگر ہم کفن دفن میں حصّہ لیں گے تو اُن کے غم زدہ رشتہ داروں کے دلوں میں خوشی داخل ہو گی، اُن کو ڈَھارس ملے گی، تسلی ملے گی، غم سہنا آسان ہو گا اور اگر اُنہیں کوئی نہ پوچھے تو کتنا صدمہ ہو گا۔“ پھر آپ نے ترغیب دِلانے کے لئے اپنے بارے میں بتایا کہ ”مجھے جب پتہ چلتا کہ فلاں کے والِد فوت ہو گئے ہیں تو میں خود ہی چلا جاتا تھا اُس وقت لاش پڑی ہوتی اور لوگ کنفیوز (پریشان، گھبرائے ہوئے) ہوتے تھے، ایسے میں اگر کوئی اُن پر تسلی کا ہاتھ رکھے تو اس کا اثر بہت دیر تک رہتا ہے اور غم ڈُھل جاتے ہیں۔“[1]

امیرِ اہلِ سنّت کی طبیعت کی ناسازی اور دیگر ڈھیروں مصروفیات کے باوجود آج بھی

(1)... تجہیز و تکفین کا طریقہ، ص20، مکتبۃ المدینہ، کراچی

روزانہ آپ کی طرف سے نیکی کی دعوت سے بھرپور تقریباً 70 سے 80 عیادت و تعزیت کے پیغامات بھجوانے کا سلسلہ جاری ہے اور جب موقع ملتا ہے آپ فیضانِ مدینہ عالمی مدنی مرکز میں پڑھی جانے والی نمازِ جنازہ بھی پڑھانے کی سعادت پاتے ہیں۔

اللہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں | اے دعوتِ اسلامی تیری دھوم مچی ہو![1]

صلّوا علی الحبیب! صلَّی اللہُ علیٰ محمد

## شعبہ کفن دفن کا نظام و کام

آیئے! اس شعبے کے مختلف کاموں کا انداز اور اُن کی کچھ تفصیل ملاحظہ فرمایئے!

### پہلا کام: غسلِ میّت و کفن دفن

پیارے اسلامی بھائیو! مسلمان میّت کو غسل دینا، کفن پہنانا فرض کفایہ اور عظیم ثواب کا کام ہے۔ آیئے ترغیب کے لئے 3 احادیثِ مبارکہ مُلاحَظہ کرتے ہیں:

﴿1﴾ حضرت ابو رافع اسلم رضی اللہُ عنہ سے روایت ہے کہ نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمّت صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا: ”جس نے میّت کو غسل دیا اور اس کی پردہ پوشی کی (عیب چھپائے) تو اللہ پاک 40 مرتبہ اس کی مغفرت فرمائے گا اور جس نے کسی میّت کو کفن پہنایا اللہ پاک اسے جنّت کے سُنْدُس اور اِسْتَبْرَق (نہایت باریک اور نفیس کپڑوں) کا لباس پہنائے گا۔[2]

﴿2﴾ حضرتِ جابر رضی اللہُ عنہ سے رِوایت ہے کہ تاجدارِ رسالت، شہنشاہِ نُبوت صلی اللہ علیہ

(1)...وسائلِ بخشش، ص479

(2)...مستدرک، کتاب الجنائز، باب فضیلۃ تغسیل المیت۔۔۔ الخ، 1/677، حدیث:1347، دار المعرفہ، بیروت



www.dawateislami.net

واٰلہٖ وسلم نے فرمایا: جس نے کوئی قبر کھودی اللہ پاک اُس کے لئے جنّت میں ایک گھر بنائے گا، اور جس نے کسی میّت کو غسل دیا، اپنے گناہوں سے ایسا پاک وصاف ہو جائے گا جیسا اُس دن تھا جس دن اُس کی ماں نے اُسے جنا تھا، اور جس نے کسی میّت کو کفن پہنایا اللہ پاک اُسے جنّت کے حُلّے یعنی جوڑے پہنائے گا اور جس نے کسی غم زدہ سے تعزیت کی، اللہ پاک اسے تقویٰ کا حُلَّہ (لباس) پہنائے گا اور روحوں کے درمیان اس کی روح پر رحمت فرمائے گا اور جس نے کسی مصیبت زدہ سے تعزیت کی، اللہ پاک اسے جنّتی جوڑوں میں سے دو ایسے جوڑے پہنائے گا جن کی قیمت دنیا بھی نہیں بن سکتی، اور جو جنازے کے ساتھ چلا اور تدفین تک ساتھ رہا، اللہ پاک اس کیلئے ایسے تین قیراط ثواب لکھے گا جن میں سے ہر قیراط اُحد پہاڑ سے بڑا ہو گا اور جس نے کسی یتیم یا محتاج کی کفالت کی (یعنی اُس کے کھانے پینے اور لباس وغیرہ کی ذمّہ داری لی) اللہ پاک اُسے اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا اور اُسے جنّت میں داخِل فرمائے گا۔[1]

﴿3﴾ حضرت ابوذر غِفاری رضی اللہُ عنہ سے رِوایت ہے کہ مصطفٰے جانِ رحمت صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: تم قبروں کی زیارت کیا کرو، اُن کے ذریعے تمہیں آخرت کی یاد آئے گی اور مُردوں کو غسل دیا کرو کیونکہ بے جان جسم کو چھونا بہترین نصیحت ہے اور مسلمانوں کے جنازے پڑھا کرو، (خواہ وہ مسلمان رشتہ دار ہو یا اجنبی) کہ یہ تمہیں غمگین رکھیں گے اور غمگین شخص رحمتِ الٰہی کے سائے میں ہو گا جو ہر نیکوکار کے لیے پھیلا ہو گا۔[2]

(1)... معجم اوسط، 6 / 429، حدیث: 9292
(2)... مستدرک، کتاب الجنائز، باب الحزین فی ظل اللہ، 1 / 711، حدیث: 1435

قبروں کی زیارت سے دِل نرم ہوتے ہیں۔(مسند امام احمد)

علامہ عبد الرؤف مناوی رحمۃُ اللہ علیہ حدیثِ پاک کی شرح میں لکھتے ہیں: میّت کی ہر حالت ہمارے لئے نصیحت، اور اس کا آخری ٹھکانہ عبرت ہے۔ امام ذہبی رحمۃُ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میّت کو غسل دیتے ہوئے بے جان جسم کو چھونا، دل کی سختی اور تکبّر کا عِلاج ہے۔[1]

یا نبی! پانی سے سارا جسم میرا دُھل گیا | نامۂ اعمال کو بھی غسل اب درکار ہے[2]

پیارے اسلامی بھائیو! خیر خواہیٔ اُمّت کا جذبہ لئے ہوئے "شعبہ کفن دفن" کے ذمہ داران اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں غسلِ میّت کے لئے ہر وقت پیش پیش ہوتے ہیں۔ الحمدلِلّٰہ! اکتوبر2024ء تا ستمبر2025ء پاکستان میں شعبہ کفن دفن کے تحت 129290 (ایک لاکھ انتیس ہزار دوسو نوّے) اسلامی بھائیوں اور14206 (چودہ ہزار دوسو چھ) فوت شُدہ اسلامی بہنوں کو اسلامی بہنوں نے غسل دینے کی سعادت حاصل کی، جبکہ 763 (سات سو تریسٹھ) اسلامی بھائیوں اور989 (نوسو نواسی) اسلامی بہنوں کو بیرون ملک میں غسل دیا گیا۔

## غسلِ مَیّت دینے والوں کے لئے دعائے عطار

یا ربِّ مصطفٰے! شعبہ کفن دفن سے متعلّق جو میرے مدنی بیٹے اور مدنی بیٹیاں ایک مہینے میں کم از کم 12 غسلِ میّت دینے کی سعادت حاصل کریں، اُنہیں بارہویں والے محبوبِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی شفاعت نصیب فرما، جب تک جیئیں نیکیاں کرتے رہیں، سنتوں پر عمل کرتے رہیں، عشقِ رسول میں اپنا وقت گزاریں۔ یا اللہ پاک ان کو بار بار حج نصیب فرما، بار بار میٹھا مدینہ دکھا۔ اِلٰہُ العالَمِین! بُرے خاتمے سے بچا۔ یا اللہ پاک! جنّتُ الفِردَوس میں اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا پڑوس نصیب فرما۔ آمین بِجاہِ

(1)...فیض القدیر، 3/210، تحت الحدیث:3019، دار الکتب العلمیہ، بیروت
(2)...وسائلِ بخشش، ص479

خاتَمِ النَّبِیّٖین صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم۔

## بیرون ممالک غسلِ مَیِّت کے لئے غسل خانے، سرد خانے








الحمدللہ! عاشقانِ رسول کی دینی تنظیم دعوتِ اسلامی کے شعبہ کفن دفن کے تحت اوورسیز میں 18 مقامات پر غسلِ میّت کے لئے غسل خانے اور سرد خانے بھی بنائے گئے ہیں، شعبہ کفن دفن سے رابطہ کرنے والے افراد کے فوت شدگان کو غسلِ مَیِّت سے دفن تک کی سہولیات فی سبیلِ اللہ (Free Of Cost) فراہم کی جاتی ہیں۔تادمِ تحریر غسلِ مَیِّت کے لئے یو-کے میں چھ مقامات: (1) روچڈیل (Rochdale) (2) لیسٹر (Leicester) (3) بریڈ فورڈ (Bradford) (4) لندن (London) (5) بولٹن (Bolton) (6) ہکمونڈوائک (Heckmondwike)، سائوتھرن افریقہ میں چار مقامات: (1) میسرو (Maseru)، (2) میفیکنگ (Mafikeng) (3) لیڈی برانڈ (Ladybrand) اور (4) فِکس بَرگ (Ficksburg)، سینٹرل افریقہ میں دو مقامات: کِینیا (Kenya) اور یُوگنڈا (Uganda) اور یورپ یونین میں دو مقامات بیلجیئم (Belgium) اور پُرتُگال (Portugal) میں غسل خانے بن چکے ہیں اور مزید شہروں



www.dawateislami.net

اور ملکوں میں بنانے کے لئے کوششیں جاری ہیں۔

## FSF (Funeral Services Fund)

اِسی طرح مارچ 2023ء سے بعض مقامات پر ایک منفرد سروس کا آغاز بھی کیا گیا ہے جس میں مقامی عاشقانِ رسول اس سروس کے لئے خود کو رجسٹرڈ کرواتے ہیں، رجسٹرڈ ہونے والے افراد میں سے اگر کوئی انتقال کرتا ہے تو اس کی میّت رہائش گاہ سے لے کر غسلِ میّت دیا جاتا ہے، کفن، نمازِ جنازہ اور دفن کے تمام تر معاملات دعوتِ اسلامی کے ذِمّہ داران سرانجام دیتے ہیں اور میّت کے اہلِ خانہ سے تعزیت کرنے آنے والوں کے لئے 3 دن تک میّت کے اہلِ خانہ کے بیٹھنے کے لئے دعوتِ اسلامی کے قریبی مدنی مرکز میں انتظام کیا جاتا ہے۔ ”الحمدللہ! مارچ 2023ء سے اکتوبر 2025ء تک 8418 (آٹھ ہزار چار سو اٹھارہ) افراد FSF میں رجسٹرڈ ہوچکے ہیں۔“ رجسٹریشن سے پہلے شرعی رہنمائی کے مُطابِق باقاعدہ تَربِیَت کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

## دوسرا کام: تدفین

پیارے اسلامی بھائیو! مسلمان میّت کو دفن کرنا فرضِ کِفایہ ہونے کے ساتھ ساتھ بڑے ثواب کا کام بھی ہے۔ چنانچہ حضرتِ ابورافع اسلم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبیِ رَحمت، شفیعِ اُمّت صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا: جس نے میّت کے لئے قبر کھودی پھر اُسے قبر میں لِٹایا تو اللہ پاک اُسے ایک ایسے گھر کی صورت میں ثواب عطا فرمائے گا، جس میں اُسے قیامت تک رکھے گا۔ (1)

(1)...مستدرک، کتاب الجنائز، باب فضیلۃ تغسیل المیت وتکفینہ۔۔۔الخ، 1/677، حدیث:1347

لاد کر کندھوں پہ احباب آہ قبرستاں چلے | واسطے تدفین کے گہرا گڑھا تیار ہے [1]

پیارے اسلامی بھائیو! جب بھی موقع ملے، آپ کے ارد گرد کوئی مسلمان فوت ہو تو کوشش کرکے اچھی نیتوں کے ساتھ، اللہ و رسول کی رضا کی خاطِر غسلِ میّت، کفن، نمازِ جنازہ و دفن میں لازمی شریک ہوا کریں کہ صرف غفلت اور سُستی کے سبب ان نیک کاموں سے محرومی بہت بڑے ثواب سے محرومی ہے اور ثواب کے ساتھ ساتھ کفن دفن میں شرکت کرنے سے اپنی اِصلاح کا سامان بھی ہوتا ہے جیسا کہ حدیث پاک میں ہے کہ رحمتِ عالَم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم قبروں کی زیارت کیا کرو، ان کے ذریعے تمہیں آخرت کی یاد آئے گی اور مُردوں کو غسل دیا کرو کیونکہ بے جان جسم کو چھونا بہترین نصیحت ہے۔[2] اور کسی نے ایک اللہ والے سے پوچھا کہ سب سے بڑی نصیحت کیا ہے؟ فرمایا: قبرستان کو دیکھنا۔[3]

قبر میں مجھ کو لٹا کر اور مٹی ڈال کر | چل دیئے ساتھی نہ پاس اب کوئی رشتے دار ہے [4]

## کووِڈ(Covid)-19 اور دعوتِ اسلامی کی خدمات

پیارے اسلامی بھائیو! عاشقانِ رسول کی دینی تنظیم دعوت اسلامی ہر وقت اُمّتِ مُسلِمہ کی بھلائی کے لئے کوشاں ہے، اُمّتِ مسلمہ کو 2020ء، 2021ء میں جب کڑی آزمائش کورونا وائرس کا سامنا ہوا، جس نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور لوگ اپنے

(1)...وسائلِ بخشش، ص479

(2)...مستدرک، کتاب الجنائز، باب الحزین فی ظل اللہ، 1/711، حدیث:1435

(3)...فیض القدیر، 3/210، تحت الحدیث:3019

(4)...وسائلِ بخشش، ص479

پیاروں سے بھاگنے لگے، اپنے عزیز ماں باپ، بہن بھائیوں تک کے لاشے کو تختۂ میّت پر ہاتھ لگانے سے ڈرنے لگے، اِن مشکل ترین اَیّام میں بھی دعوتِ اسلامی کے ”شعبہ کفن دفن“ نے اپنی خدمات مزید بڑھا دیں اور مسلمان میّتوں کو ہسپتالوں، گھروں سے شرعی احتیاطوں کے ساتھ اٹھا کر غسلِ میِّت و تکفین، نمازِ جنازہ و تدفین تک کے تمام معاملات میں فی سبیل اللہ (Free Of Cost) خدمات پیش کیں۔ اِس مشکل گھڑی میں ”شعبہ کفن دفن“ کے تحت ٹریننگ سیشن (Training sessions) رکھے گئے، جس میں عاشقانِ رسول کو کفن دفن کا طریقہ سکھایا گیا اور اس کے بعد اس وبا (Epidemic) کی وجہ سے انتقال کرنے والوں کے کفن دفن کا انتظام کیا گیا، اس کے لیے 1568 (ایک ہزار پانچ سو اڑسٹھ) اسلامی بھائیوں نے تربیت (Training) حاصِل کی اور 1551 (ایک ہزار پانچ سو اکیاون) اسلامی بہنوں نے شرکت کی جس میں اس شعبے کی ماہر اسلامی بہنوں نے ان کی تربیت کی۔

عاشقانِ رسول کی دینی تنظیم دعوتِ اسلامی کے تحت ملک و بیرون ملک کورونا سے انتقال کرنے والے کئی افراد کے غسل و کفن دفن کا انتظام کیا گیا، ترکیہ، انگلینڈ، کینیا، ساؤتھ افریقہ، نائجیریا، کرغیزستان، ملاوی میں تقریباً 14932 (چودہ ہزار نو سو بتیس) اسلامی بھائیوں اور 955 (نو سو پچپن) اسلامی بہنوں کو غسل دیا گیا، جن کی کل تعداد 15887 (پندرہ ہزار آٹھ سو ستاسی) ہے۔ الحمد لِلّٰہ! دعوتِ اسلامی کے شعبہ کفن دفن کی کووِڈ-19 میں ان عظیم خدمات پر یو-کے (UK) سمیت مختلف ممالک میں حکومتی سطح پر سرٹیفکیٹ دیئے گئے۔

آخِرت کے اِعتبار سے قبر، اوّل منزل ہے۔(ترمذی)

**IMRAN HUSSAIN MP**

HOUSE OF COMMONS
LONDON SW1A 0AA

03 June 2021

To whom it concerns

**Re: Dawateislami Funeral Services West Yorkshire**

I am writing to you on behalf of Dawateislami Funeral Services West Yorkshire based on Maudsley Street, BD3 9LE in my Bradford East constituency, whom I understand are now providing voluntary Muslim funeral services free of charge.

There is no doubt that this offering of free voluntary funeral services, particularly at a time when so many families across the region have sadly lost loved ones during this difficult time as a result of the present COVID-19 pandemic, is a deeply compassionate, considerate, and commendable act by Dawateislami Funeral Services.

I also understand that this offer of free voluntary Muslim funeral services is amongst the first of its kind in the region, and provides a pioneering service for the bereaved in our local communities that has previously been unseen, bringing dignity to those struggling to afford a respectable funeral for their loved ones.

I understand this new voluntary service are still developing their service and are dependent on charitable contributions.

Yours sincerely,

**Imran Hussain MP**
**Member of Parliament for Bradford East**

**Member of Parliament for Bradford East**
Office of Imran Hussain MP, House of Commons, London, SW1A 0AA | 020 7219 8636

## تیسرا کام: تعزیت

اے عاشقانِ رسول! جس طرح غسلِ مَیِّت، کفن اور دفن ثواب اور فضیلت والے کام ہیں، اِسی طرح میّت کے اہلِ خانہ سے تعزیت کرنا بھی بہت بڑے اجر و ثواب کا کام ہے، تعزیت کا لغوی معنی دِلاسا و تسلی دینا ہے، عام طور پر کسی مسلمان کے انتقال پر اُس کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرنا تعزیت کہلاتا ہے۔[1]

## تعزیت کرنا سنّت ہے

تعزیت، ہمارے پیارے آقا، مدینے والے مصطفٰے صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی سنّتِ مبارکہ بھی ہے۔[2] اِس کی ایک صورت دعا کرنا ہے، صحابیِ رسول حضرت ابو سَلَمہ رضی اللہُ عنہ کے وِصال کے موقع پر نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ان کے گھر پر یوں دعا فرمائی: الٰہی ابو سَلَمہ کو بخش دے اور ہدایت یافتہ لوگوں میں ان کا درجہ بلند فرما، پسماندگان (گھر والوں) میں اِن کا جانشین (نائب) بنادے اور اے ربُّ العالمین ہماری اور اُن کی مغفرت فرما اور اُن کی قبر وسیع اور مُنوّر فرمادے۔[3]

اہلِ خانہ کی کوئی پریشانی دور کرنا بھی تعزیت میں شمار ہوتا ہے، حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے پیارے چچا حضرت جعفر رضی اللہُ عنہ کی جب شہادت کی خبر ملی تو آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اُن کے اہل وعَیال کے لئے کھانا تیار کرنے کا حکم دیا اور فرمایا اِنہیں ایسی پریشانی

(1)...اردو لغت، 5 / 293 ملخصاً

(2)...بہار شریعت، 1 / 852، حصہ 4 ملخصاً، مکتبۃ المدینہ، کراچی

(3)...مسلم، کتاب الجنائز، باب فی اغماض المیت والدعاء...الخ، ص 330، حدیث: 920، دار الکتب العلمیہ، بیروت


www.dawateislami.net

آئی کہ جس میں وہ کھانا نہیں پکا سکیں گے۔[1]

نہ کر اس طرح اے دلِ زار نالے | وہ ہیں سب کی فریاد کو سننے والے[2]

## تعزیت کے فضائل

مسلمان بھائی سے تعزیت کرنے کی فضیلت پر دو احادیثِ مبارکہ مُلاحَظہ کیجئے۔

(1) فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ہے: جو کسی مصیبت میں مبتلا شخص سے تعزیت کرے گا تو اُسے مصیبت زدہ شخص کے ثواب کے برابر ثواب دیا جائے گا۔[3]

(2) جو کسی مسلمان بھائی سے مصیبت کے وقت تعزیت کرے گا، اللہ پاک اُسے بروزِ قیامت عزّت و کرامت کا لباس پہنائے گا۔[4]

صلّوا علی الحبیب! صلّی اللّٰہُ علٰی محمد

## تعزیت کے متعلّق معلوماتی سوال جواب

**سوال**: تعزیت کب کی جائے؟ نیز تین دن کے بعد تعزیت کا کیا حکم ہے؟

**جواب**: تعزیت کا وقت وفات سے تین دن تک ہے افضل یہ ہے کہ پہلے ہی دن تعزیت کی جائے۔ البتہ جس شخص کو فوتگی کا علم نہ ہو تو وہ بعد میں بھی تعزیت کر سکتا ہے۔ باقی لوگوں کے لئے تین دن بعد تعزیت کرنا مکروہِ تنزیہی ہے۔

(1)...ابن ماجہ، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی الطعام... الخ، ص258، حدیث:1610، دار الکتب العلمیہ، بیروت
(2)...ذوقِ نعت، ص479
(3)...ترمذی، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی اجر من عزی مصابا، ص279، حدیث:1073، دار الکتب العلمیہ، بیروت
(4)...ابن ماجہ، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی ثواب من عزی مصابا، ص257، حدیث:1601


www.dawateislami.net

**سوال**: کلماتِ تعزیت کیا ہیں ؟ کیا کلماتِ دعا اور صرف یہ کہنا آپ کی والِدہ کا پتا چلا اللہ پاک مغفرت فرمائے، کلماتِ تعزیت ہیں یا نہیں ؟

**جواب**: تسلّی اور دُعا دونوں طرح کے الفاظ تعزیت کے کلمات کہلاتے ہیں۔ تعزیت کا طریقہ بیان کرتے ہوئے صدرُ الشَّرِیعہ مفتی محمد امجد علی اَعظمی رحمۃُ اللہ علیہ اِرشاد فرماتے ہیں: ”تعزیت میں یہ کہے: اللہ پاک میّت کی مغفرت فرمائے اور اُس کو اپنی رحمت میں ڈھانکے (رحمت کے سائے میں رکھے)اور تم کو صبر روزی کرے(یعنی صبر عطا فرمائے) اور اس مصیبت پر ثواب عطا فرمائے۔ نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اِن لفظوں سے تعزیت فرمائی: ”لِلّٰہِ مَا اَخَذَ وَاَعْطٰی وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّی یعنی خدا ہی کا ہے جو اُس نے لیا، دیا اور اُس کے نزدیک ہر چیز ایک میعادِ مقرر (وقتِ مقرر) کے ساتھ ہے۔“[1]

**سوال**: تعزیت کا مقصد کیا ہے اور یہ کیوں کی جاتی ہے ؟

**جواب**: فَیضُ القدیر میں ہے: امام نَوَوِی رحمۃُ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تعزیت کا مطلب یہ ہے کہ صبر کی تلقین کی جائے اور ایسی باتیں ذکر کی جائیں، جو میّت کے لَواحِقین کو تسلی دیں اور اُن کے غم اور مصیبت کو ہلکا کریں۔[2]

اے عاشقانِ رسول! چونکہ کسی کے عزیز، ماں باپ، بہن، بھائی یا اولاد میں سے کسی کا اس سے بچھڑ جانا بڑی مصیبت ہے اور مصیبت زدہ سے تعزیت کے فضائل آپ نے مُلاحَظہ فرمائے۔ الحمدُ لِلّٰہ! امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ سنَّتوں پر عمل کرنے والے اور دوسروں

(1)...بہار شریعت، 1/852، حصہ 4 بتغیرٍ، مکتبۃ المدینہ، کراچی
(2)... فیض القدیر، 6/232، حدیث: 8851

کو بھی سنّتوں کا عامِل بنانے والے ہیں، جہاں آپ نے کفن دفن، تعزیت و ایصالِ ثواب کے لئے شعبہ کفن دفن بنایا وہیں آپ خود بھی اپنے مصروف ترین شیڈول سے وقت نکال کر ہر ماہ سینکڑوں ویڈیو اور آڈیو تعزیتی پیغامات بھجواتے ہیں۔

آپ کی تربیت سے الحمدللہ! شعبہ کفن دفن کے ذمہ داران اسلامی بھائی، اسلامی بھائیوں سے اور اسلامی بہنیں، اسلامی بہنوں سے اپنے علاقے میں لواحقین کے ساتھ اظہارِ ہمدردی کر کے اُن کا دکھ بانٹنے میں مصروفِ عمل ہیں۔ تعزیت میں صبر کی تلقین کے ساتھ ساتھ مرحومین کے لئے ایصالِ ثواب اجتماعات کا سلسلہ اور ایصالِ ثواب پیش کر کے بھی دکھ درد میں شریک ہوا جاسکتا ہے۔

## چوتھا کام: ایصالِ ثواب اجتماعات

مدینے کے تاجدار، سرکارِ نامدار صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: مُردے کا حال قَبْر میں ڈُوبتے ہوئے انسان کی طرح ہے کہ وہ شدّت سے انتِظار کرتا ہے کہ باپ یا ماں یا بھائی یا کسی دوست کی دُعا اُس کو پہنچے اور جب کسی کی دُعا اُسے پہنچتی ہے تو اُس کے نزدیک وہ دنیا و مافیہا (یعنی دنیا اور اس میں جو کچھ ہے) سے بہتر ہوتی ہے۔ اللہ پاک قبر والوں کو اُن کے زِندہ مُتَعَلِّقِین کی طرف سے ہَدِیَّہ کیا ہوا ثواب پہاڑوں کی مانند عطا فرماتا ہے، زِندوں کا ہدیہ (یعنی تحفہ) مُردوں کے لئے دعائے مغفرت کرنا ہے۔[1]

اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا: جو کوئی تمام مؤمن مَردوں اور عورتوں کے لئے دعائے مغفرت کرتا ہے، اللہ پاک اُس کے لئے ہر مؤمن مَرد و عورت

(1)...شعب الایمان، باب فی بر الوالدین۔۔۔الخ، 6/ 203، حدیث: 605، دار الکتب العلمیہ، بیروت

کے بدلے ایک نیکی لکھ دیتا ہے۔[1]

اے عاشقانِ رسول! ان احادیثِ مُبارکہ سے پتا چلا کہ فوت ہو جانے والوں کے لئے دعائے مغفرت کرنا اور نیک اعمال کا ثواب اُنہیں پہنچانا فائدہ بھی دیتا ہے اور وہ اس کے مُنتَظِر بھی ہوتے ہیں اور عزیز و اَقارِب اور دیگر مسلمانوں کی دعائیں پہاڑوں کی مثل ثواب بنا کر اُنہیں عطا فرمائی جاتی ہیں۔ الحمدللہ! دعوتِ اسلامی کے شعبہ کفن دفن کے ذمّہ داران اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں، مرحومین کی قُل خوانی، سوئم، چہلم اور سالانہ برسی کے مواقع پر اِیصالِ ثواب اِجتماعات یا محفلِ نعت کا اہتمام کرتے ہیں، جس میں تلاوت، نعت خوانی، بیان، ذِکرُ اللہ، صلوۃ و سلام اور مرحومین کے لئے دعائے مغفرت کا سلسلہ ہوتا ہے۔ یہ اجتماعات باقاعدہ طے شدہ اوقاتِ کار اور منظم اَنداز سے کئے جاتے ہیں، اس کا شیڈول کچھ یوں ہے:

| | |
|---|---|
| تلاوت و نعت شریف | 7+5منٹ |
| بیان | 30منٹ |
| صلوٰۃ و سلام (13اشعار) مع دُعا | 5منٹ |

الحمدُ لِلّٰہ! اکتوبر 2024ء تا ستمبر 2025ء میں "شعبہ کفن دفن" کے تحت مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لئے پاکستان میں اسلامی بھائیوں کے 80921 (اسی ہزار نو سو اکیس) اور بیرونِ ملک اسلامی بھائیوں کے 923 (نو سو تئیس) ایصالِ ثواب اجتماعات کئے گئے۔ یعنی ملک و بیرون ملک 81844 (اکاسی ہزار آٹھ سو چوالیس) ایصالِ ثواب اجتماعات ہوئے۔

ایصالِ ثواب اجتماعات کے ساتھ بعض علاقوں میں تدفین کے فوراً بعد یا اگلے دِن

(1)...مسند الشامیین، 3/234، حدیث: 2155، موسسۃ الرسالہ

میّت کے ایصالِ ثواب کے لیے قبر پر "قرآن خوانی" کا بھی اہتمام ہوتا ہے، ایسے موقع پر بھی "شعبہ کفن دفن" کے ذِمّہ داران "شعبہ مدرسۃ المدینہ بوائز" کی اجازت اور شعبے کے طے شدہ طریقۂ کار کے مُطابِق قریبی مدرسۃ المدینہ بوائز کے طلبا، مدرّس اور ناظم کو لے جا کر قرآن خوانی کا اہتمام کرتے ہیں۔ الحمدلِلّٰہ! مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لئے صدقہ جاریہ کا ذہن دیتے ہوئے مسجد و مدرسہ کے لئے جگہ وقف کرنے، تعمیر کروانے یا کسی مسجد و مدرسہ کی تعمیر میں حسبِ استِطاعت حِصّہ شامِل کرنے کی ترغیب بھی دلائی جاتی ہے، کیونکہ ایسے موقع پر دل نرم ہوتا ہے اور نیکی کرنا بالخصوص صدقہ کرنا آسان ہوتا ہے اور مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لئے مسجِد و مدرسہ کے لئے جگہ وقف کرنا یا تعمیر کروانا بہترین ایصالِ ثواب ہے۔

## پانچواں کام: اِنفرادی کوشش و نیکی کی دعوت

ایصالِ ثواب اجتماعات میں اور غسلِ میّت کے بعد سے تدفین تک بعض اوقات میّت کے عزیز و اقرباء کے پہنچنے کا اِنتظار کیا جاتا ہے، اس دوران مُعاشرتی رسم و رواج، رکھ رکھاؤ، علمِ دین سے دُوری اور جہالت کے سبب ہونے والے غیر شرعی معاملات (مثلاً نَوحَہ کرنا، سینہ پیٹنا، سر کے بال نوچنا، مصیبت کے وقت کفریہ کلمات بولنا، مرد و عورت کا میل جول وغیرہ) سے لوگوں کو بچانے کے لئے، یونہی کفن تیار کرنے، مِیّت کو غسل دینے، نمازِ جنازہ کے اِنتظار اور قبرستان میں تدفین کے دوران فارِغ کھڑے رہنے کی بجائے "شعبہ کفن دفن" کے ذِمّہ دار مَیِّت کے لواحقین اور دیگر حاضرین کو صبر کی تلقین کے ساتھ ساتھ نیکی کی دعوت دیتے ہیں۔ نیز قبر و آخرت کو بہتر بنانے کے لئے نماز، روزہ کی پابندی اور دینی کاموں



www.dawateislami.net

میں حصہ لینے کی ترغیب دلائی جاتی ہے۔ موقع کی مناسبت سے قرآن خوانی، درود شریف اور اِستِغفار کا سلسلہ بھی کیا جاتا ہے۔

## چھٹا کام: ناگہانی آفات (زلزلہ، سیلاب) میں مدد

شعبے کے ذِمّہ داران ناگہانی آفات مثلاً زلزلے، سیلاب، طوفان، حادثات وغیرہ کے مواقع پر فوت / شہید ہونے والے مسلمانوں کے غسلِ میّت، کفن و دفن وغیرہ کے معاملات شعبہ فیضان گلوبل ریلیف فاؤنڈیشن (FGRF) کے ذِمّہ داران کی معاونت سے کرتے ہیں اور ضرورت کے تحت دارالِافتا اہلِ سنّت کے مفتیان کرام سے شرعی رہنمائی کا بھی باقاعدہ اہتمام کیا جاتا ہے۔

## ساتواں کام: نیو سوسائٹیز اور پوش ایریاز

آبادی کا تناسب دن بدن بڑھنے کے سبب نئے ٹاؤنز، سوسائٹیز، اور کالونیاں بنتی چلی جارہی ہیں، اَلحمدُلِلّٰہ! ان تمام مقامات میں نیو سوسائٹیز مجلس کی مشاورت کے ساتھ شعبہ کفن دفن کی 3 رکنی مجلس بنا کر کفن دفن کے معاملات میں عاشقانِ رسول کی مدد کی جاتی ہے۔

یہاں سنّتیں سیکھنے کو ملیں گی | دِلائے گا خوفِ خدا مدنی ماحول [(1)]

صلّوا علی الحبیب! صلّی اللّٰہُ علٰی محمد

## آٹھواں کام: تقسیمِ رسائل

ایصالِ ثواب اجتماعات (سوم، چہلم، برسی) نمازِ جنازہ وغیرہ میں مرحوم عاشقانِ رسول

(1)...وسائلِ بخشش، ص 647

(اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں) کے ایصالِ ثواب کے لئے رسائل (میّت کے غسل وکفن کا طریقہ، نمازِ جنازہ کا طریقہ) وغیرہ تقسیم کروانے کا سلسلہ بھی ہوتا ہے۔

## نواں کام: کفن دفن کی تربیت کے مختلف کورسز

شعبہ کفن دفن کے تحت اُمّتِ مُسلِمہ کو کفن دفن کے مُتعَلّق شرعی مسائل سکھانے اور عملی تربیت دینے کے لئے فی سبیل اللہ بالمشافہ (Physical) و آن لائن مختلف کورسز (نمازِ جنازہ کورس، 7 دن شارٹ آن لائن کفن دفن کورس، تدفین کورس، غسلِ میّت وکفن کورس) اور تربیتی سیشنز (Training sessions) کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں تربیت یافتہ ذِمّہ داران اسلامی بھائی دیگر عاشقانِ رسول اسلامی بھائیوں کو، اور تربیت یافتہ اسلامی بہنیں دیگر عاشقانِ رسول اسلامی بہنوں کو سکھانے کی سعادت حاصِل کرتی ہیں۔ ان کورسز کی تفصیل کچھ یوں ہے:

### ﴿1﴾ نمازِ جنازہ کورس

نمازِ جنازہ کورس میں آپ نمازِ جنازہ کا عملی طریقہ اور نمازِ جنازہ کے مُتعَلّق تفصیلی احکام سیکھنے کی سعادت حاصِل کر سکتے ہیں۔ یہ کورس "شعبہ کفن دفن" کے تحت مختلف مقامات پر کروایا جاتا ہے۔ آپ بھی علمِ دین سیکھنے اور ولیِّ کامل کی دعاؤں سے حِصّہ لینے کے لئے "شعبہ کفن دفن" کے ذِمّہ داران یا اپنے علاقے کے دعوتِ اسلامی کے ذِمّہ داران سے رابطہ کرکے اس کورس میں شرکت فرمائیں۔

الحمدللہ! اکتوبر 2024ء تا ستمبر 2025ء میں پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں



www.dawateislami.net

تقریباً 27139 (ستائیس ہزار ایک سو انتالیس) نمازِ جنازہ کورس کروائے گئے، جن میں شرکت کرنے والوں کی مجموعی تعداد 474906 (چار لاکھ چوہتر ہزار نو سو چھ) ہے۔

## دعائے عطّار

اے اللہ پاک! نمازِ جنازہ کورس کرنے اور کروانے والوں اور اپنے محرموں کو کورس کے لیے تیار کرنے والی میری مدنی بیٹیوں کو اجرِ عظیم عطا فرما۔ انہیں بے حساب مغفرت سے نواز۔ اِنہیں جنّتُ الفِردوس میں بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کا پڑوس عطا کرنا۔ یا اللہ پاک! ان کی روزیوں میں برکت دے۔ اِن کے گھر امن کے گہوارے بنے رہیں۔ لڑائی جھگڑے نہ ہوں۔ آمین بجاہ خاتمِ النَّبِیّٖن صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم۔

## ﴾2﴿ کفن دفن آن لائن شارٹ کورس (7 دن)

اس کورس میں آپ گھر بیٹھے شریعت کے مُطابِق مرد و عورت کو غسل دینے، میّت کو کفن دینے، جنازہ لے کر چلنے، نمازِ جنازہ پڑھنے، قبر بنانے اور تدفین وغیرہ کے تفصیلی احکام سیکھ سکتے ہیں۔ کورس کا دورانیہ 7 دن اور روزانہ کلاس 30 منٹ ہوگی۔ کورس کے اختِتام پر سرٹیفکیٹ بھی دئے جاتے ہیں اس کورس میں اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں داخلہ لے کر کر تربیت حاصِل کرسکتے ہیں۔ داخلے کے لئے نیچے دیئے گئے لنک کے ذریعے اپلائی کیا جا سکتا ہے۔ آن لائن داخلہ لنک: www.quranteacher.net/tajheez-o-takfeen-course

## ﴾3﴿ تدفین کورس

اس کورس میں تدفین کا حکم، قبر کی اَقسام، قبر کی تیاری، میّت کو قبر میں اتارنے، قبر میں لِٹانے اور قبر کو بند کرنے، مٹی ڈالنے اور تلقین کرنے کے مُتعَلِّق تفصیلی احکام سکھائے

جاتے ہیں۔(کورس کا دورانیہ:30 منٹ)

الحمدِللہ! اکتوبر 2024ء تا ستمبر 2025ء کی کارکردگی کے مُطابِق ملک و بیرونِ ملک تقریباً 24662 (چوبیس ہزار چھ سو باسٹھ) تدفین کورس کروائے گئے، جن میں شرکت کرنے والوں کی تعداد 373987 (تین لاکھ تہتر ہزار نو سو ستاسی) ہے۔

## دعائے عطّار

یاربِّ مصطفٰے! تدفین کورس کرنے اور کروانے والوں، اپنے محارم کو اِس کے لیے تیار کرنے والی اسلامی بہنوں کو دنیا و آخرت کی بھلائیاں نصیب فرما اِنہیں پیارا پیارا مکہ اور میٹھا میٹھا مدینہ دِکھا، بار بار حج کی سعادت سے مُشَرَّف فرما، یا اللہ پاک! اِن کی قبر کو قیامت تک نور مصطفٰے صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم سے روشن فرما اور جنّت الفِردوس میں پیارے پیارے آخری نبی مکی مدنی، محمد عربی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا پڑوس نصیب فرما۔

آمین بجاہ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم

## (4) غسلِ میّت و کفن کورس

الحمدِللہ! کورسز کے ساتھ ساتھ "شعبہ کفن دفن" کے تحت مختلف اداروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد مثلاً، سُنّی جامعات و مدارس، گورنمنٹ و پرائیویٹ آفسز، سکولز، کالجز، یونیورسٹیز، انسٹی ٹیوٹ کے مالکان، ان میں کام کرنے والے اسٹاف اور اسٹوڈنٹ، صحافی، وکلاء، پولیس لائن، ریسکیو 1122 آفسز، ہوسٹلز وغیرہ اور دیگر عوامی جگہوں پر کفن دفن کا سنّت طریقہ سکھانے کے لئے تربیتی سیشنز (Training sessions) کروائے جاتے ہیں، ان تربیتی سیشنز میں کفن دفن کا طریقہ جاننے والے اسلامی بھائی غُسلِ



www.dawateislami.net

میّت کا طریقہ، کفن کاٹنے اور پہنانے کا طریقہ اور مسلمان میّت کو دفنانے کا عملی (سنّت) طریقہ سکھاتے اور اس نیک کام میں عملی طور پر حِصّہ لینے کا ذہن دیتے اور خود کو اس نیک کام کے لئے پیش کرنے والوں کی مجلس بنا کر خدمتِ خلق کا عظیم کام کرتے ہیں۔ اگر آپ بھی اپنے علاقے میں خود کو اس نیک کام کے لئے پیش کرنا چاہتے ہیں تو دعوتِ اسلامی کے "شعبہ کفن دفن" کے مُتعلِّقہ کسی بھی ذِمّہ دار یا نگران کے ذریعے رابطہ فرمالیجئے۔

الحمدللہ! اکتوبر 2024ء تا ستمبر 2025ء میں ملک و بیرونِ ملک اسلامی بھائیوں کے لئے تقریباً 26442 (چھبیس ہزار چار سو بیالیس) اور اسلامی بہنوں کے لئے 17168 (سترہ ہزار ایک سو اڑسٹھ) غسلِ میت و کفن کورس کروائے گئے۔ ان کورسز میں 447034 (چار لاکھ سینتالیس ہزار چونتیس) اسلامی بھائیوں نے شرکت کی جن کی تربیت اسلامی بھائیوں نے کی، جبکہ 319469 (تین لاکھ انیس ہزار چار سو انہتر) اسلامی بہنوں نے حصہ لیا، جنہیں اس شعبے کی ماہر اسلامی بہنوں نے تربیت دی۔

## ﴿5﴾ پیشہ سے وابستہ افراد کی تربیت

اسی طرح کَتْبَہ بنانے والے / سلیپ بنانے والے / کفن کا سامان بیچنے والے اور کفن کاٹنے والے، پھول، خوشبو وغیرہ بیچنے، قبر بنانے والے گورکنوں میں اپنی زندگی قرآن و سُنّت کے مُطابِق گزارنے کا ذہن دینے، نماز و روزے کی پابندی کرنے اور مختلف دینی کاموں میں حِصّہ لینے کا ذہن دینے کے لئے 19 منٹ کے مختصر تربیّتی حلقوں کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔

## ﴿6﴾ حاضریٔ قبرستان کورس

پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: میں نے تمہیں

قبروں پر جانے سے منع کیا تھا، اب تم قبروں کی زیارت کیا کرو کہ وہ دُنیا میں بے رغبتی کا سبب ہے اور آخرت کی یاد دلاتی ہے۔[1]

اے عاشقانِ رسول! پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے فرمان کے مُطابِق قبرستان جانا، قبروں کی زیارت کرنا، موت کو یاد کرنے اور فکرِ آخرت کا بہترین ذریعہ ہے، اور پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی سُنّت مبارکہ بھی ہے کہ ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم شہدائے اُحُد رضی اللہ عنہم کی مبارک قبروں کی زیارت کو تشریف لے جاتے اور اُن کے لیے دُعا فرماتے۔[2]

اعلیٰ حضرت مولانا شاہ اِمام اَحمد رَضا خان رحمۃُ اللہ علیہ فرماتے ہیں: قُبُورِ مُسْلِمِین (مسلمانوں کی قبروں) کی زیارت سنّت اور مَزاراتِ اَوْلیائے کرام و شہداء رحمۃُ اللہ علیہم کی حاضری سَعادت بَر سعادت اور انہیں اِیصالِ ثواب مَنْدُوب (یعنی پسندیدہ ہے)۔[3]

الحمدلِلّٰہ! شعبہ کفن دفن کے تحت ایک کورس بنام حاضریٔ قبرستان کورس بھی کروایا جاتا ہے جس میں شریعت کے مُطابِق قبرستان میں حاضری دینے، ایصالِ ثواب اور دعائے مغفرت کرنے کا طریقہ، قبرستان کے آداب و مسائل سکھائے جاتے ہیں۔

## دعائے عطار (حاضریٔ قبرستان کورس کرنے/کرانے والوں کے لیے)

یاربّ مصطفیٰ! جو اسلامی بھائی "حاضریٔ قبرستان کورس" کریں یا کروائیں اُنہیں بار بار حج و دیدارِ مدینہ نصیب فرما۔ اُنہیں دونوں جہانوں کی بھلائیاں عطا فرما، سُنّتوں پر عمل کرنے

(1)... ابن ماجہ، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی زیارۃ القبور، ص252، حدیث:1571
(2)... مصنف عبد الرزاق، کتاب الجنائز، باب فی زیارۃ القبور، 3/381، حدیث:6745، دار الکتب العلمیہ، بیروت
(3)... فتاویٰ رضویہ، 9/532

والا بنا، اُنہیں دعوتِ اسلامی کے 12 دینی کام کرنے کی سعادت بخش۔ میرے مولا! اُنہیں مزید تقویٰ، اپنا خوف، عِشقِ رَسُول، عاجزی اور اِخلاص عطا فرما، یااللہ! اُنہیں جھوٹ، غیبت، چُغلی، وعدہ خِلافی، دِل آزاری، حسد، بُغض و کینہ، تکبر اور ریا جیسے ظاہری اور باطنی امراض سے بچا۔ یاربِّ غفّار! اُن کی، اُن کے والدین اور آنے والی نسلوں کی بے حساب مغفرت فرما۔ یہ ساری دعائیں اپنے محارِم کو "حاضریٔ قبرستان کورس" کے لیے تیار کرنے والی مدنی بیٹیوں کے حق میں قبول فرما اور اُن سب کے طفیل مجھ گناہ گاروں کے سردار کے حق میں بھی قبول فرما۔ آمین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم۔

الحمدلِلّٰہ! اکتوبر2024ء تا ستمبر2025ء میں پاکستان میں تقریباً 28051(اٹھائیس ہزار اکاون) حاضریٔ قبرستان کورس کروائے گئے جس میں تقریباً395035(تین لاکھ پچانوے ہزار پینتیس) اسلامی بھائیوں نے شرکت کی اور دیگر ممالک میں 81(اکیاسی) کورس کروائے گئے جس میں 595(پانچ سو پچانوے) اسلامی بھائیوں نے شرکت کی۔

## دیگر ممالک میں کام

الحمدلِلّٰہ! دعوتِ اسلامی کا یہ شعبہ تا دمِ تحریر دنیا بھر کے 24 ممالک میں عاشقانِ رسول کے کفن دفن کے معاملات کے ساتھ نیکی کی دعوت کی دھومیں مچانے میں مصروفِ عمل ہے۔ ان ممالک کے نام درج ذیل ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ① پاکستان | ② بنگلہ دیش | ③ نیپال |
| ④ لیسوتھو | ⑤ سری لنکا | ⑥ یو ایس اے |
| ⑦ ہانگ کانگ | ⑧ انڈونیشیا | ⑨ ساؤتھ کوریا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 10 | اسٹریلیا | 11 | کینیڈا | 12 | یوکے |
| 13 | اسپین | 14 | اٹلی | 15 | موریشس |
| 16 | پرتگال | 17 | جرمنی | 18 | گریس |
| 19 | ملاوی | 20 | ساؤتھ افریقہ | 21 | کینیا |
| 22 | موزمبیق | 23 | تنزانیہ | 24 | یوگنڈا |

آپ جِس بھی مُلک میں رہتے ہیں، اِس شعبہ سے وابستہ ہو کر دونوں جہان کی بھلائیاں حاصل کرنے کے لئے اللہ ورسول کی رَضا کی نِیّت سے دینِ متین کی خدمت میں مصروف ہو جائیے، اِنْ شَاءَ اللہُ الْکَرِیْم! دنیاو آخرت کی برکتیں حاصِل ہوں گی۔

اللہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں
اے دعوتِ اسلامی تیری دھوم مچی ہو

صلّوا علی الحبیب! صلّی اللہُ علٰی محمد

## دسواں کام: کال سنٹر (UAN)Call Center بینر))

مساجِد، جامعۃ المدینہ بوائز، مدرستہ المدینہ بوائز، مدنی مراکز (فیضان مدینہ) اور قبرستان میں شرعی رہنمائی لے کر شعبہ کفن دفن کا بینر لگوایا جاتا ہے تاکہ ہر مسلمان بوقتِ ضرورت آسانی کے ساتھ شعبہ کفن دفن کے ذِمّہ داران سے رابطہ کر سکے۔ جس کا عُنوان یہ ہو کہ "شریعت وسُنَّت کے مُطابِق (فری) غُسلِ مَیِّت کے لئے ان نمبر ز پر رابطہ کیجئے" رابطہ نہ ہونے کی صورت میں بینر کے نیچے دیئے گے UAN نمبر پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔



www.dawateislami.net

## شعبہ کا بینر:


شریعت و سنت کے مطابق (فری)
غسلِ میت کیلئے ان نمبرز پر رابطہ کیجئے۔
Kafan
Dafn
شہر
ٹاؤن/تحصیل
یوسی/وارڈ
نام
رابطہ نمبر
نام
رابطہ نمبر
نام
رابطہ نمبر
کال ریسیو نہ ہونے کی صورت میں اس نمبر پر رابطہ فرمائیں۔
UAN
شعبہ کفن دفن (دعوتِ اسلامی)

اللہ والے موت کو محبوبِ حق کے وصال کا ذریعہ سمجھ کر محبوب جانتے ہیں۔(خزائن)

## اسٹینڈی بینر + کورسز بینر



## کورسز بینر:



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
Kafan Dafan
شعبہ کفن دفن کی جانب سے ہونے والے
مختلف کورسز
غسل میت و کفن کورس
(01 گھنٹہ 26 منٹ)
نماز جنازہ کورس (30 منٹ)
حاضریٔ قبرستان کورس
(30 منٹ)
تدفین کورس (30 منٹ)
COVID-19 کفن دفن کورس
(01 گھنٹہ 26 منٹ)
7 دن جزووقتی کفن دفن کورس
(روزانہ 30 منٹ)
1 دن کفن دفن کورس
مزید معلومات کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں۔
رابطہ کے اوقات: پاکستانی وقت صبح 10 تا شام 06
شعبہ کفن دفن (دعوتِ اسلامی) www.dawateislami.net

یہ بینرز ہفتہ وار اجتماعات، بڑی راتوں کے اِجتماعات، مدنی مذاکرہ اجتماعات، تربیتی اجتِماعات، ذِمّہ داران کے سُنّتوں بھرے اجتِماعات وغیرہ میں ”شعبہ کفن دفن“ کے بستے (Stall) لگائے جاتے ہیں، جہاں رابطے کے لئے اسٹینڈی بینر اور شعبے سے مُتعَلِّقہ کورسز کی تشہیر اور دعوت کے لئے کورسز بینر آویزاں کئے جاتے ہیں۔

## گیارہواں کام: (Muslim Funeral) ایپلی کیشن

پیارے اسلامی بھائیو! یہ آئی ٹی کا دَور ہے، الحمدلِلّٰہ! دیگر کاموں کے ساتھ ساتھ اُمَّتِ مُسلِمہ کی سہولت کے لئے کفن دفن سے مُتعَلِّقہ شرعی مسائل سیکھنے اور شعبہ کفن دفن سے بآسانی رابطہ کرنے کے لئے دعوتِ اسلامی کے شعبہ آئی ٹی نے ”مسلم فیونرل موبائل ایپلی کیشن“ متعارف کروائی ہے ابھی اپنے موبائل فون کے ذریعے پلے اسٹور (Play Store) سے دعوتِ اسلامی کے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی بنائی ہوئی مسلم فیونرل (Muslim Funeral) ایپ ڈاؤن لوڈ کیجئے اور بھرپور فائدہ اٹھایئے، یہ ایپلی کیشن 8 زبانوں (عربی، انگلش، اردو، سندھی، ہندی، بنگلہ، پشتو اور گجراتی) میں استعمال کی جا سکتی ہے۔ اس ایپلی کیشن میں کیا کچھ ہے؟ آیئے جانتے ہیں!




کسی بھی زبان کو سلیکٹ کرنے کے بعد اسکرین پر یہ 4 آپشن شو ہوں گے۔ ☜



www.dawateislami.net

## ﴿1﴾ غسلِ میّت تا دفن کا طریقہ

اس آپشن پر کلک کرنے سے 5 آپشن (1) نَزَع، (2) غسل، (3) کفن، (4) جنازہ، (5) تدفین شو ہوں گے۔

آپشن 1 "نزع" پر کلک کرنے سے آپ جان سکیں گے: موت کی علامتیں ظاہر ہوں تو کون سے چار کام کرنے چاہئیں؟ روح قبض ہونے کے بعد کیا کیا جائے؟

آپشن 2 "غسل" پر کلک کرنے سے آپ جان سکیں گے: غسل و کفن کی تیاری کے مدنی پھول (اس آپشن میں تصاویر اور اینیمیٹڈ ویڈیوز Animated videos کے ذریعے غسل و کفن کی تیاری کا طریقہ مُلاحَظہ کیا جا سکتا ہے۔)، غسلِ میّت سے پہلے کے 4 کام (اس آپشن کے ذریعے غسلِ میّت سے پہلے کئے جانے والے 4 کاموں کی تفصیل مُلاحَظہ کی جا سکتی ہے)، غسلِ میّت کے 7 مراحل (اس آپشن میں شروع سے آخر تک مرد و عورت کو سُنّت کے مُطابِق غسل دینے کا مکمل طریقہ تصاویر اور اینیمیٹڈ ویڈیوز Animated videos کے ذریعے سیکھا جا سکتا ہے۔)

آپشن 3 "کفن" کے ذریعے مُلاحَظہ فرمائیں گے: کفن کاٹنے کے 7 مراحل (اس آپشن کے تحت تصاویر اور اینیمیٹڈ ویڈیوز Animated videos کے ذریعے سنّت کے مُطابِق مرد و عورت کے لئے کفن کاٹنے کا طریقہ مُلاحَظہ کیا جا سکتا ہے)، کفن پہنانے کے 9 مراحل (اس آپشن پر کلک کرنے سے تصاویر اور اینیمیٹڈ ویڈیوز Animated videos کے ذریعے مرد و عورت کو کفن پہنانے کا سُنّت طریقہ جان سکیں گے۔ مثلاً کفن کو دھونی دینا، کفن بچھاتے وقت کپڑوں (لفافہ، ازار، قمیص وغیرہ) کی ترتیب لگانا اور کفن باندھنا وغیرہ۔)

آپشن 4 "جنازہ" کے ذریعے آپ جان سکیں گے: نمازِ جنازہ کے 6 مدنی پھول (اس میں

کسی کی ذِہانت اور عَقل، اسے موت سے نہیں بچا سکتی۔(امیرِ اہلِ سنّت)

آپ نمازِ جنازہ کا مکمل سُنّت طریقہ مثلاً نمازِ جنازہ کی نِیّت، تکبیرات، دعائیں اور سلام پھیرنے کا طریقہ، تصاویر اور اینیمیٹڈ ویڈیوز Animated videos کے ذریعے مُلاحَظہ فرما سکیں گے۔)، جنازے کو کندھا دینے کے 6 مدنی پھول۔

آپشن 5 ”تدفین“ کے تحت تدفین کے 17 مراحل (قبر تیار کرنے، میّت کو قبر میں اتارنے اور اتارتے وقت کی دعا، تبرُّکات وغیرہ رکھنے، قبر پر مٹی ڈالتے وقت پڑھے جانے والے کلمات، قبر کی ہیئت، دفن کے بعد کی جانے والی تلقین کا طریقہ) مُلاحَظہ کئے جا سکتے ہے۔

## ﴿2﴾ کفن خریدنے اور رسائل تقسیم کرنے کے لئے رابطہ




اس آپشن پر کلک کرنے سے یہ مزید 3 آپشن سامنے آئیں گے:

(1) **مخصوص شہروں میں، مخصوص اوقات میں گھر پر کفن اور مُتعَلِّقہ سامان قیمتاً (قیمت کے ساتھ) منگوائیں۔** (یہ آپشن چھوٹے بڑے افراد کے کفن کی قیمت، کفن کا سامان، جن شہروں میں ہوم سروس کفن کی سہولت ہے ان کی تفصیل اور آن لائن کفن خریدنے کی مکمل تفصیل فراہم کرتا ہے۔)

(2) **مختلف شہروں میں مکتبۃ المدینہ سے کفن اور مُتَعَلِّقہ سامان قیمتاً حاصِل کریں۔** (اس آپشن پر کلک کرنے سے مختلف شہروں میں قائم دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی برانچز، ای میل اور موبائل نمبر شو ہوں گے جن کے ذریعے کفن اور اس کے مُتَعَلِّقہ سامان اور دیگر معلومات حاصِل کی جاسکتی ہیں۔)

**(3) آپ کے علاقے میں کفن اور مُتعلِّقہ سامان کیسے مل سکتا ہے؟** (اس آپشن پر کلک کرنے سے آپ جان سکیں گے کہ آپ کے علاقے میں کفن کی سہولت کیسے میسر ہو گی اور اگر دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کے علاوہ کوئی مکتبہ یا کتاب گھر اپنے پاس اِنہی سہولیات کے ساتھ کفن کا سامان رکھنا چاہتا ہے تو اس کی شرائط کیا ہیں۔)

### ﴿3﴾ غسلِ مَیِّت اور ایصالِ ثواب کے لئے رابطہ




یہ آپشن ہر گھر اور ہر فرد کی ضرورت کے ساتھ ساتھ اُمّتِ مُسلِمہ کے لئے، دعوتِ اسلامی کے "شعبہ کفن دفن" کی طرف سے بہت بڑی سہولت بھی ہے۔ اس آپشن کے ذریعے آپ پاکستان کے متعدد شہروں، علاقوں کے ساتھ ساتھ مختلف ممالک میں دعوتِ اسلامی کے "شعبہ کفن دفن" کے ذِمّہ داران کے نام، شہر کا نام اور موبائل نمبر مُلاحَظہ کر سکیں گے، جس سے آپ فی سبیل اللہ غسلِ مَیِّت اور ایصالِ ثواب کے لیے اپنے ملک، شہر یا علاقے کے ذِمّہ دار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### ﴿4﴾ کفن دفن کے مُتعلِّق کتابیں اور آڈیوز وغیرہ

اس آپشن کے ذریعے دعوتِ اسلامی کی کفن دفن کے موضوع پر لکھی ہوئی پی ڈی ایف (PDF) کتابیں (تجہیز و تکفین کا طریقہ، مدنی وصیت نامہ، قبر والوں کی 25 حکایات، شیطان کے

بعض ہتھیار، بیمار عابد، نمازِ جنازہ کا طریقہ) اور آڈیو میں کفن دفن کا طریقہ مُلاحَظہ کیا جا سکتا ہے۔

## اپلی کیشن (Application) کے مزید فیچرز

❀ ایپ ڈاؤن لوڈنگ کے بعد کوئی بھی مواد آف لائن پڑھنے کی سہولت، اپنی ضرورت کے مُطابِق "Setting" کے ذریعے فونٹ سائز ایڈ جسٹمنٹ ❀ جنازہ، کفن، دفن سے مُتَعلِّق مدنی مذاکرہ، اینیمیٹڈ ویڈیوز، اور دیگر ویڈیو کلپس، آف لائن دیکھنے کی سہولت ❀ مدنی چینل ریڈیو ❀ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر شیئر کرنے کی سہولت، تو ابھی اس لنک کے ذریعے ایپ کو انسٹال کیجئے، اُمّتِ مُسلِمہ کی خیر خواہی کے لئے شیئر کیجئے اور دین و دنیا کی ڈھیروں برکتیں حاصِل کیجئے۔

اینڈرائیڈ لنک: dawateislami.tajheezotakfeen

نوٹ: یہ ایپ اینڈرائڈ کے ساتھ ساتھ IOS ڈیوائسز میں بھی انسٹال کی جاسکتی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## بارہواں کام: کفن دفن ویب سائٹ

اَلحَمدُ لِلّٰہ! عاشقانِ رسول کی دینی تنظیم دعوتِ اسلامی کے شعبے آئی ٹی I.T نے مسلم فیونرل (Muslim Funeral) اپلی کیشن کے ساتھ ساتھ کفن دفن ویب سائٹ بھی متعارف کروائی ہے جس میں آپ غُسلِ میّت، کفن، نمازِ جنازہ کا طریقہ، تدفین کا طریقہ اور دیگر ضروری احکام سیکھنے کے ساتھ ساتھ شعبہ کفن دفن کے ذِمّہ داران سے رابطہ بھی کر سکتے ہیں۔ مزید اس ویب سائٹ (Website) میں کیا ہے؟ آیئے جانتے ہیں:

پیارے اسلامی بھائیو! اس لنک: tajheezotakfeen.dawateislami.net

کے ذریعے ویب سائٹ(Website)اوپن کریں گے توہوم پیج پر یہ آپشنز شوہوں گے۔




ہوم (Home)، گیلری (Gallery)، میڈیا (Media)، آفیشل(Official)، کفن دفن(Tajheez-o-Tkfeen)، بُکس و آڈیو بُکس(Books & Audio Books)، کانٹیکٹ اَس(Contact Us)۔

## ﴿1﴾ ہوم (Home)

آپ اس آپشن کے ذریعے موت آنے کا بیان، غسلِ میّت کا طریقہ، کفن کا بیان، نمازِ جنازہ کا طریقہ، بعد نمازِ جنازہ تدفین، قبر و دفن کا بیان اور فاتحہ کا طریقہ وغیرہ سیکھ سکیں گے۔




## ﴿2﴾ گیلری (Gallery)

آپ اس آپشن پر کلک کر کے تِلاوتِ قرآن سے پہلے کی نیتیں، حفاظت کی دعائیں اور نمازِ جنازہ کی دعائیں وغیرہ سیکھ سکتے ہیں۔

﴿3﴾ میڈیا (Media)

آپ اس آپشن پر کلک کرکے تجہیز و تکفین(کفن دفن) ایپ کا تعارف، بیانات کے شارٹ کلپس، مدنی مذاکرے، مدنی چینل کے سلسلے، نعتیں اور مناجات سن سکتے ہیں۔

﴿4﴾ آفیشل (Official)

اس آپشن کے ذریعے کفن دفن کے مدنی پھول، ایصالِ ثواب اجتماع، کارکردگی فارمز، شعبے کے مدنی پھول اور مختلف مکتب بینرز کی مکمل تفصیل مُلاحَظہ کی جاسکتی ہے۔

﴿5﴾ کفن دفن

اس آپشن کے ذریعے کفن دفن ویڈیو اجتماع، عیادت اور تعزیت کے مدنی پھول، اسلامی بہنوں(خواتین) میں ”شعبہ کفن دفن“ کے کاموں کی تفصیل دیکھی جاسکتی ہے۔

﴿6﴾ بُکس و آڈیو بُکس (Books & Audio Books)

آپ اس آپشن پر کلک کرکے مختلف زبانوں میں اِسلامِک بُکس(نمازِ جنازہ کا طریقہ، مدنی وَصِیَّت نامہ، فاتحہ وایصالِ ثواب کا طریقہ، بیمار عابِد اور شیطان کے بعض ہتھیار) کو آن لائن بھی پڑھ سکتے ہیں اور آڈیو میں بھی سن سکتے ہیں۔

﴿7﴾ کانٹیکٹ اَس (Contact Us)

اس آپشن پر کلک کرکے دیئے ہوئے نمبروں پر ملک وبیرونِ ملک میں کفن دفن کے لیے دعوتِ اسلامی کے ذمّہ داران اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے محرم رشتہ دار سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

دنیا کی سب سے بڑی سچائی موت ہے۔ (امیرِ اہلِ سنّت)

## تیرہواں کام: کفن دفن کے مُتَعَلِّق مکتبۃُ المدینہ کی کتب و رسائل

پیارے اسلامی بھائیو! عاشقانِ رسول کی دینی تنظیم دعوتِ اسلامی مختلف ذرائع سے اُمَّتِ مُسلِمہ کی خیر خواہی کرتے ہوئے علمِ دین پھیلانے، احکامِ شرعیہ سکھانے کے لئے ہر دم کوشاں ہے، اسی سلسلہ میں کفن دفن کے مُتَعَلِّق جہاں مختلف کورسز، تربیتی سیشنز، مسلم فیونرل ایپ، کفن دفن ویب سائٹ کے ذریعے علمِ دین سیکھنے سکھانے اور غسلِ میّت، کفن دفن کی سہولیات دینے کا سلسلہ ہے، وہیں کفن دفن کے مسائل و آداب پر مشتمل امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ اور آپ کے فیضان سے ”المدینۃ العلمیہ (اسلامک ریسرچ سینٹر)“ نے مختلف کتب و رسائل بھی مرتب کیے ہیں، جنہیں آپ ملک بھر میں مکتبۃ المدینہ کی کسی بھی شاخ سے ہدیۃً طلب فرماسکتے ہیں۔ ان کتب و رسائل میں کیا ہے؟ مُلاحَظہ فرمائیں!

### ﴿1﴾... تجہیز و تکفین کا طریقہ




اس کتاب میں آپ کفن دفن کے تمام مسائل، عیادت کا طریقہ، نزع کا بیان، غسلِ میّت، نمازِ جنازہ، کفن دفن اور تعزیت کا طریقہ، ایصالِ ثواب کا طریقہ اور حکم، ایصالِ ثواب کے فوائد وغیرہ مُلاحَظہ کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب انگلش، اردو، بنگلہ، ہندی، گجراتی، رومن اردو، سندھی اور پشتو زبان میں موجود ہے۔

### ﴿2﴾... میّت کے غسل و کفن کا طریقہ

اس رسالہ میں عیادت کا طریقہ، نَزع کا بیان، غسلِ میّت، نمازِ جنازہ، کفن دفن اور

رات کو قبرستان میں جو خوف آتا ہے، وہ نفسانی خوف ہے۔(امیرِ اہلِ سنّت)




تعزیت کا طریقہ، نَوحَہ کا شرعی حکم، قبرستان جانے، سلام کرنے، اگربتیاں وغیرہ جلانے کے احکام، ایصالِ ثواب کا طریقہ، حکم اور فوائد، فِدیے کے احکام اور عورت کی مختلف عِدَّتوں کے احکام تفصیل سے مُلاحَظہ کر سکتے ہیں۔ یہ رِسالہ اردو، انگلش، چائنیز، بنگلہ، فارسی، گجراتی، رومن اردو، سندھی، پشتو اور کورِیَن زبان میں ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

### ﴿3﴾... قبر والوں کی 25 حکایات




اس رسالے میں آپ قبر والوں کی 25 حکایات اور دلچسپ معلومات، قبرستان اور مزرات اولیا پر حاضری کے آداب، پُرانے قبرِستان میں مکان بنانا کیسا؟ قبرِستان میں آنے جانے کے حوالے سے کئی اہم مسائل جان سکیں گے۔ یہ رسالہ اردو، عربی، انگلش، چائنیز، بنگلہ، ہندی، رومن اردو، سندھی، سواہلی، پشتو، پُرتُگالی، لوگنڈا، اور اِنڈونیشیَن زبان میں ٹرانسلیٹ ہوچکا ہے۔

### ﴿4﴾... نمازِ جنازہ کا طریقہ (حنفی)




اس رسالے میں نماز جنازہ پڑھنے، غسلِ میّت کے فضائل و احکام، نمازِ جنازہ کا طریقہ، جنازے کی دعائیں اور نمازِ جنازہ کے بارے میں دیگر احکام جاننے کی سعادت حاصِل کر سکیں گے۔ یہ رسالہ اردو، انگلش، عربی، فارسی، ہندی گجراتی، نارْوِیَن، رومن

اُردو، سندھی، پشتو، ڈَچ اور اِنسْٹُونِیَن زبان میں موجود ہے۔




### ﴿5﴾... مدنی وصیت نامہ (مع کفن دفن کے احکامات)

اس رسالے میں آپ امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ کی مدینہ منورہ میں تحریر کردہ 40 وصیتیں، مَرد و عورت کے کفن دفن کے احکام مثلاً مرد و عورت کا مسنون کفن، کفن پہنانے کا طریقہ وغیرہ جان سکیں گے۔ یہ رِسالہ اُردو، انگلش، فارسی، ہندی، سندھی، پشتو، اور ڈَچ زبان میں موجود ہے۔




### ﴿6﴾... فاتِحہ اور ایصالِ ثواب کا طریقہ

آپ اس رسالے میں ایصالِ ثواب اور والدین کی قبر کی زیارت کے فضائل و فوائد، ایصالِ ثواب کے 19 مدنی پھول، ایصالِ ثواب کا طریقہ و دعا، ایصالِ ثواب کی مختلف صورتوں کے احکام جان سکیں گے۔ یہ رسالہ اردو کے ساتھ ساتھ عربی، انگلش، بنگلہ، فارسی، ہندی، گجراتی، سندھی، پشتو، پُرتگالی اور ڈَچ زبان میں ٹرانسلیٹ کیا جاچکا ہے۔




### ﴿7﴾... کفن چوروں کے انکشافات

آپ اس رسالے میں کفن چور کے 5 انکشافات، جزا و سزا کے کچھ احکام، قرآن و سنّت سے عذابِ قبر کا ثبوت، عذابِ قبر کے واقعات اور قضائے عمری کا آسان طریقہ جان سکیں گے۔

یہ رِسالہ اردو، انگلش، بنگلہ، جرمَن، ہندی گُجراتی، رومن اردو اور سندھی زبان میں ٹرانسلیٹ کیا جاچکا ہے۔




DOWNLOAD

## ﴿8﴾...نیک آدمی کے قریب دَفن کی بَرکتیں

اس رِسالہ کے مطالعہ سے نیک لوگوں کے پاس مُردوں کے دفنانے کی برکتیں، جنّت کسے کہتے ہیں اور دیگر دلچسپ معلومات حاصِل کرسکتے ہیں۔




DOWNLOAD

## ﴿9﴾...اپنے لیے کفن تیار رکھنا کیسا؟

فکرِ آخرت کیا ہے؟ اور اس کی اہمیّت، وقتِ نزع اور قبر کے امتحان کے بارے میں معلومات اور اس کے علاوہ بھی بے شمار مسائل جان سکیں گے۔




DOWNLOAD

## ﴿10﴾...کفن دفن کے مراکزبنانے کے شرعی احکام

اس رِسالے میں آپ غسلِ میّت، کفن دفن کے لئے جگہ وقف کرنے کا جواز، ٹرسٹ کے زیرِ انتظام کفن دفن کے مراکِز بنانے کے احکام، تعزیت کے لئے مسجِد میں بیٹھنے کے احکام، میّت کو سردخانے میں رکھنے اور دیگر ضروری احکام جاننے کی سعادت حاصِل کریں گے۔

## ﴿11﴾...مرحوم والِدَین کے حُقُوق




حُقُوقُ العباد میں پہلے حق دار کون؟ بعدِ وفات والدَین کے حُقوق کا بیان، والدَین ناراض ہو کر فوت ہوئے ہوں تو کیا کریں؟ مرحوم والدَین اولاد کے اچھے بُرے اعمال سے کیسے باخبر رہتے ہیں؟ یہ سب جاننے کے لئے اس رِسالے "مرحوم والدَین کے حُقوق" کا مُطالعہ کیجئے۔

صلّوا علی الحبیب ! صلّی اللہُ علیٰ محمد

## چودھواں کام...ذِمّہ داران کے لئے تربیتی سیشنز

الحمدلِلّٰہ! شعبہ کفن دفن کے تحت جہاں پوری اُمّتِ مُسلِمہ کی خیر خواہی اور اصلاح کی کوشش جاری ہے وہیں اس شعبے کے ذِمّہ داران کی تربیت کا بھی خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔ ان تربیتی سیشنز میں دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کے اراکین، مفتیانِ کرام اور دیگر مبلغین وماہرینِ اخلاقیات سے تربیت کا سلسلہ رہتا ہے۔

## پندرھواں کام...ماہانہ کارکردگی

شعبہ کفن دفن کے نِظام وکام کو مسلسل دیکھنے، مزید بڑھانے اور ان کا جائزہ لینے کا بھی ماہانہ وار سلسلہ ہوتا ہے اور اس کے لئے شعبے کے ذِمّہ داران اس ماہ میں شعبے کے تحت ہونے والے دینی کاموں اور شعبہ کفن دفن کے کاموں اور کورسز کی ماہانہ کارکردگی پیش کرتے ہیں اور ذِمّہ داران ترقی وتَنَزُّلی کا جائزہ لیتے ہوئے آئندہ ماہ کے اہداف طے کرتے ہیں۔

## ذِمّہ داران کے مُتَعَلِّق مدنی پھول

❖ مکتبۃُ المدینہ کا رِسالہ ”قبر والوں کی 25 حکایات“ بہت معلوماتی ہے، اسے ضرور پڑھئے۔ اس کے پڑھنے سے بہت سے وَسْوَسوں کی کاٹ ہو جائے گی نیز اِسے گھر گھر اور دُکان دُکان پہنچائیے۔[1]

❖ پُرانے اسلامی بھائی غور کریں کہ نانا، دادا، بن گئے، آہ! موت قریب آرہی ہے اور سُستی بڑھتی جارہی ہے، منزل قریب آنے پر سُواری کی رفتار تیز کی جاتی ہے اور ہماری غفلت بڑھتی جارہی ہے۔[2]

❖ جب کوئی بیمار ہو یا اُس کے ہاں میّت ہو جائے اور عیادت و تعزیت نہ کی جائے تو اُسے بہت بُرا محسوس ہوتا ہے۔[3]

❖ ذِمّہ دارانِ دعوتِ اسلامی، اسلامی بھائیوں اور شخصیات نیز اِن کے اَعِزّہ و اَقْرِبا کی بیماری، میّت، دُکھ، تکلیف میں غم خواری (Sympathy) کی ترکیب بنائیں۔[4]

## مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشوروں سے ماخوذ مدنی پھول

❀ تمام کورسز میں کفن دفن کی تربیت کو بھی شامِل کیا جائے۔ ❀ کفن دفن کا شعبہ مضبوط کرنے سے دعوتِ اسلامی مضبوط ہو گی۔ ❀ اپنے گھر والوں کو وقت دیں، ان کی علمی، معاشرتی اور دینی تربیت کریں۔ ❀ اپنے بچّوں بچیوں کو فیضانِ نَماز کورس، اصلاحِ اعمال

---

(1)… مدنی مذاکرہ، 19 ربیع الاول 1436ھ بمطابق 10 جنوری 2015ء

(2)… مدنی مذاکرہ، 5 ذوالحجۃ الحرام 1436ھ بمطابق 19 ستمبر 2015ء

(3)… مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 4 صفر المظفر 1432ھ بمطابق 8 جنوری 2011ء

(4)… مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 4 صفر المظفر 1432ھ بمطابق 8 جنوری 2011ء



www.dawateislami.net

کورس، کفن دفن کورس، فیضانِ شریعت کورس اور مختلف آن لائن کورسز وغیرہ کروائیں۔

## ذِمّہ داران سے مُتَعلِّق تربیتی مدنی پھول

❀ تمام ذِمّہ داران اپنے مُتَعلِّق نیز شعبہ و ذِمّہ داری کے مُتَعلِّق فرض عُلوم سیکھیں، اس کے لیے کتبِ اَمیرِ اہلِ سُنّت، مکتبۃ المدینہ کی کتب دیگر کتب: فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 اور ہمارا اسلام وغیرہ کا مطالعہ فرمائیں۔

❀ کہا جاتا ہے کہ "شرفاء کے سِینے رازوں کے دفینے"، اگر کسی کی کوئی کمزوری معلوم ہو جائے تو اُس کو چھپایا جائے اِن شاءَ اللہ الکریم ہمارے عیب بھی چھپائے جائیں گے۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہُ عنہ سے روایت ہے کہ حسنِ اخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا: "جو بندہ دنیا میں کسی بندے کی پردہ پوشی کرے گا اللہ پاک قیامت کے دن اُس بندے کی پردہ پوشی فرمائے گا۔"[1]

❀ حدیثِ پاک: "تَهَادَوْا تَحَابُّوْا یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔"[2] پر عمل کی نیت سے شخصیات وغیرہ کو ذاتی طور پر حسبِ استِطاعت اور مخیر عاشقانِ رسول سے ترکیب بنا کر مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ کتب و رسائل، ماہنامہ فیضانِ مدینہ، USB اور میموری کارڈز وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں۔

❀ دِینی کام استِقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص نیک عمل نمبر 16 اور 51 کے عامِل بن جائیں۔

(1)... مسلم، کتاب البر والصلۃ، باب بشارۃ من ستر اللہ عیبہ... الخ، ص 1002، حدیث: 2590

(2)... موطا امام مالک، کتاب حسن الخلق، باب ما جاء فی المہاجرۃ، ص 483، حدیث: 1731، دار المعرفہ، بیروت



www.dawateislami.net

❀ نیک عمل نمبر 16: کیا آج آپ نے ”مرکزی مجلسِ شوریٰ“ کے اُصولوں کے مُطابِق اپنے نگران کی اِطاعت کی؟(شریعت کی اِجازت ہونے کی صورت میں شوریٰ کی اِطاعت میری اِطاعت، شوریٰ کی نافرمانی میری نافرمانی ہے۔)

❀ نیک عمل نمبر 51: کسی اِسلامی بھائی(خصوصاً ذِمہ دار) سے مَعَاذَاللہ کوئی بُرائی صادِر ہو جائے اور اِصلاح کی ضرورت ہو تو تحریری طور پر، یا مِل کر، براہِ راست (نرمی سے) سمجھانے کی کوشِش فرمائی؟ یا مَعاذَاللہ بِلا اِجازتِ شرعی کسی اور پر اِظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟ ہاں! نا کامی کی صُورَت میں جو اِس کی اصلاح پر قادر ہو اسے بتانے میں حرج نہیں۔ نیز وہ بُرائی اگر دین و دعوتِ اِسلامی کے لئے نقصان دہ ہو تو پھر تنظیمی ترکیب کے مُطابِق مسئلہ حل کرنے میں بھی مضائقہ نہیں۔

❀ کِفایت شِعاری اپنایئے اور زائد اخراجات کو کم کیجئے / مالِ وقف کی اشیاء کی حفاظت، فون اور بجلی کے استعمال وغیرہ میں بھی یہ بات ذہن میں رہنی چاہئے کہ ہم مالِ وقف کی اشیاء استعمال کر رہے ہیں / صفائی اور نظم وضبط بالخصوص وقت کی پابندی اور دفتر کی اشیا کو ترتیب سے رکھنے کا اہتمام کیا جائے۔

## شعبہ کفن دفن کا تنظیمی اسٹرکچر

اَلحمدُلِلّٰہ! عاشقانِ رسول کی دینی تنظیم دعوتِ اسلامی ایک منظّم تنظیم ہے، اور اللہ پاک اور اس کے محبوبِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی نظرِ رحمت سے اس کی تنظیم سازی اس کی ترقی کا اہم راز ہے، دنیا کے کونے کونے میں دینِ اسلام کی دعوت پہنچانے کے لئے بین الاقوامی سطح سے لے کر وارڈ اور ایک ایک ذیلی حلقے (مسجد) تک مختلف شعبہ جات کے

ذِمّہ داران و نگران اسلامی بھائیوں کا تقرر اور پھر پوچھ گچھ کے ذریعے دینی کاموں کو بڑھانا دعوتِ اسلامی کی اوّلین ترجیح ہے۔ اسی طرح شعبہ کفن دفن میں مختلف سطح پر ذِمّہ داران کا تقرُّر ہے، آیئے! اس شعبہ کی ہِرارکی (Hierarchy) مُلاحَظہ کیجئے:

| سطح | ذِمّہ دار | سطح | ذِمّہ دار |
|---|---|---|---|
| بین الاقوامی | رکنِ شوریٰ | ملک | نگرانِ مجلس |
| صوبہ | صوبائی ذِمّہ دار | ڈویژن | ڈویژن ذِمّہ دار |
| ڈسٹرکٹ | ڈسٹرکٹ ذِمّہ دار | ٹاؤن / تحصیل | ٹاؤن / تحصیل ذِمّہ دار |
| سب تحصیل / ٹاؤن | سب تحصیل / ٹاؤن ذِمّہ دار | یونین کونسل | یو-سی ذِمّہ دار |

پیارے اسلامی بھائیو! الحمدلِلّٰہ! عاشقانِ رسول کی دینی تنظیم دعوتِ اسلامی دینِ متین کی خدمت کے لئے ایک بہتے دریا کی مانند اپنی منزل کی جانِب دن بدن بڑھتی چلی جارہی ہے۔ خشکی پر پڑا قطرہ گرمی اور دھوپ کی تپش سے خشک ہوجاتا ہے اگر وہی قطرہ دریا میں شامِل ہوجائے تو بڑی بڑی موجوں کی شکل اختیار کرلیتا ہے، قطرہ کی قوّت دریا میں شامِل ہونے سے ہی ہوتی ہے، آپ بھی خشکی سے اٹھئے، ہمت کیجئے اور اس دریا میں شامِل ہو جایئے! پھر دیکھئے کہ آپ کیا کچھ کرسکتے ہیں آپ کے پاس کیسے کیسے پلیٹ فارم ہیں جہاں آپ اپنی صلاحیتوں کے مُطابِق دینِ متین کی خدمت کرکے اپنی زندگی کے عظیم مقصد "اللہ پاک و محبوبِ کریم کی رضا" کو پانے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔ اور خدمتِ دین میں زندگی بسر کرکے کس اطمینان سے اس دنیا سے رخصتی ہوگی یہ تصور ہی بڑا پیارا ہے، کیونکہ دین کے خدمت گاروں کی زندگی بھی شان والی اور موت بھی قابلِ رشک ہوتی ہے۔

آیئے! قابلِ رشک موت کا ایک واقعہ مُلاحَظہ کیجئے!

ملتان شریف کے اسلامی بھائی کے بیان کا خلاصہ ہے کہ دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ عاشقِ رسول کی انفرادی کوشش کی برکت سے نیکیاں کرنے کا ذہن بنا، سنّتوں بھرے اجتِماعات میں شرکت کا معمول بنا، جہاں فرائض وواجبات اور دیگر ضروری علمِ دین سیکھنے کا موقع ملتا۔ زندگی کے دن بڑے پُر بہار گزرنے لگے اِسی دوران میرے خیر خواہ اسلامی بھائی جن کی نیکی کی دعوت کے سبب میں گناہوں سے نکل کر نیکیوں کے گلشن میں آیا تھا، اُن کا جوان بیٹا گُردوں کے مُوذی مرض کا شکار ہو گیا اُنہوں نے کافی ڈاکٹری عِلاج کرایا مگر اِفاقہ نہ ہوا، عَامِلوں کو دکھایا مگر بے سُود، بالآخر اُنہوں نے شعبہ روحانی علاج کے بستے سے رابطہ کیا اور اپنے بیٹے کے لیے وہاں سے تعویذ حاصِل کیا اور بتائے ہوئے طریقے کے مُطابِق استعمال شروع کر دیا۔ الحمدلِلّٰہ! اُن کے بیٹے کے گُردوں کے مرض میں بہتری آنے لگی تعویذاتِ عطاریہ کی برکت دیکھ کر اُن کے بیٹے نے قافلے میں جانے کی خواہش ظاہر کی، راہِ خدا میں بھی اپنے مرض کی شفایابی کے لیے خوب دعائیں کیں جن کا اثر یوں ظاہر ہوا کہ اُنہیں گُردوں کے مُوذی مرض سے مکمّل نجات مل گئی۔ واپس آکر اُنہوں نے علاقے میں دعوتِ اسلامی کے دینی کاموں کی دُھومیں مچانا شروع کر دیں، انفرادی کوشش کے ذریعے کئی مسلمانوں کو گناہوں کے دَلْدَل سے نکال کر مدنی ماحول سے وابستہ کر دیا، گھر کی خواتین دعوتِ اسلامی کے تحت ہونے والے اسلامی بہنوں کے سُنّتوں بھرے اجتِماعات میں جانے لگیں اور مدنی برقعے کا اہتمام کرنے لگیں، ایک دن اُس نوجوان اسلامی بھائی کی طبیعت اچانک خراب ہو گئی گھر والے بے حد پریشان ہوئے میڈیسن لی مگر اُن کی حالت سنبھلنے کے بجائے مزید بگڑنے لگی۔ دعوتِ اسلامی کے دینی

ماحول کی برکت تھی کہ اُن کی زبان پر آہ و بُکا اور گِلہ شِکوہ آنے کی بجائے اللہ! اللہ! اور کلمۂ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ کی صدائیں جاری تھیں کہ اچانک اُن پر نَزَع کی کیفیت طاری ہونے لگی اور دیکھتے ہی دیکھتے اُنھوں نے ہمیشہ کے لیے آنکھیں بند کر لیں، یوں وہ اسلامی بھائی بھری جوانی میں اس دنیا فانی سے دارِ بقا کی طرف کوچ کر گئے اور جاتے جاتے زبانِ حال سے تمام نوجوانوں کو یہ پیغام دے گئے کہ

ایک دن مرنا ہے آخر موت ہے | کر لے جو کرنا ہے آخر موت ہے

اے عاشقانِ رسول! ہمیں اپنی زندگی کو غنیمت جانتے ہوئے جلد توبہ کر لینی چاہیے، گناہوں بھری زندگی چھوڑ کر عاشقانِ رسول کی صحبت اپنا کر نیکیوں میں لگ جانا چاہیے ان شاء اللہ الکریم! یہ دنیا بھی سنور جائے گی اور آخرت بھی بن جائے گی۔ الحمدلِلّٰہ! دعوتِ اسلامی کا شعبہ کفن دفن ایک منفرد شعبہ ہے کہ جس کے ہر ہر کام میں فکرِ آخرت، موت اور قبر و حشر کی یاد وابستہ ہے آپ بھی دعوتِ اسلامی کے اس شعبے سے وابستہ ہو کر خدمتِ دین میں مصروف ہو جائیے، اس کے لئے کسی بھی ممبرشپ کی حاجت نہیں آپ اپنے علاقہ کے دعوتِ اسلامی کے ذِمّہ داران سے رابطہ کیجئے، اپنے قریب ہر جمعرات ہونے والے ہفتہ وار اجتماع یا اپنے قریب لگنے والے مدرسۃُ المدینہ بالغان میں شرکت کیجئے، شعبہ کفن دفن کی معلومات لیجئے اور اس شعبہ سے وابستہ ہو کر اُمّتِ مُسلِمہ کی خدمت میں مصروف ہو جائیے۔

قیامت تلک یا الٰہی سلامت | رہے تیرے عطار کا دینی ماحول (1)

صلّوا علی الحبیب! صلّی اللّٰہُ علٰی محمد

(1)...وسائلِ بخشش، ص648 بتغیرٍ


www.dawateislami.net

## جنازہ دیکھ کر پڑھنے کا وِرد

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کو کسی نے خواب میں دیکھ کر پوچھا: اللہ پاک نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ فرمایا: میری بخشش اسی کلمہ کے سبب ہوئی جو امیرُ المؤمنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ جنازے کو دیکھ کر پڑھا کرتے تھے اور وہ کلمہ یہ ہے "سُبْحٰنَ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ یعنی وہ ذات پاک ہے جو زندہ ہے، اُسے کبھی موت نہیں آئے گی۔"

(احیاء العلوم، کتاب ذکر الموت وما بعدہ، بیان منامات المشائخ، 5/616 ملتقطاً)

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net